مجموعہ وظائف مترجم

مبارک

محمد عبدالرحیم ناشر و تاجر عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور

مجموعہ وظائف

مترجم

منارع

محمد عبدالرحیم ناشر و تاجر عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور

HAKEEM

سرٹیفیکیٹ تصحیح

ہم نے اِس مجمُوعۂ وظائف کے نسخہ کی قرآنی
آیات مع وظائف کو اوّل آخر حرف بحرف بغور
پڑھا ہے ہم تصدیق کرتے ہیں کہ اس کے متن
میں کوئی لفظی یا اعرابی غلطی نہیں ہے۔

(واللہ اعلم)

حافظ محمد مُستقیم خان
گارڈن ٹاؤن لاہور

محمد رفیق چوہدری
اردو بازار لاہور

محمّد عبدُ الرّحیم ناشر و تاجر عزیز مارکیٹ ۱۷۔اردو بازار لاہور

فہرس

سورتہائے وظائف وادعیہ

خطاط: منیر احمد انیس
فون: ۲۱۱۵۸۲

فضائل و خواص

سُورۂ کہف
صفحہ ۱۵ تا ۴۸

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جمعہ کے روز جو شخص سُورۂ کہف کو پڑھے گا اُس کا دِل دُوسرے جمعہ تک اِنشاء اللہ تعالیٰ نور سے منوّر رہے گا، فتنۂ دجال سے بھی محفوظ رہے گا شبِ جمعہ کو بھی اِس کے پڑھنے کی بڑی فضیلت آئی ہے، اِس کا نقش رفع محتاجگی کے لیے مجرب ہے۔ ظالم دشمن کی تباہی کے علاوہ اگر حاملہ عورت کے گلے میں ڈالا جائے تو اس کا حمل ساقط نہ ہو گا۔

۱۲۶۳۷۱	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۷۹
۱۲۶۳۸۳	۱۲۶۳۷۸	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۳۸۴
۱۲۶۳۷۷	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۸۷	۱۲۶۳۷۳
۱۲۶۳۸۶	۱۲۶۳۷۴	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۸۱

سُورۂ سجدہ
صفحہ ۴۹ تا ۵۷

حدیث شریف میں آیا ہے کہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم جمعہ کے روز نمازِ فجر کی پہلی رکعت میں سُورۂ سجدہ اور دُوسری رکعت میں سُورۂ الدھر کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ ایک اور روایت میں آیا ہے کہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم رات کو سونے سے پہلے روزانہ سُورۂ سجدہ اور سُورۂ ملک کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ یہ سُورۂ مبارکہ حشر میں اپنے پڑھنے والے کے لیے خدا کے حضور سفارش کرے گی۔

سُورۂ لیٰس
صفحہ ۵۸ تا ۷۵

نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا ارشاد ہے کہ سورۂ لیٰس قرآن شریف کا دل ہے۔ اِس کی تلاوت سے فلاح دارین حاصل حاجتیں پوری اور بلائیں دفع ہوتی ہیں، جو شخص محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُسے بخش دیں گے۔

۴۱۸	۴۴۹	۴۵۱	۴۲۰	۴۵۳	۴۲۳
۴۲۹	۴۲۵	۴۴۴	۴۴۵	۴۲۸	۴۴۲
۴۳۶	۴۳۴	۴۳۲	۴۳۳	۴۳۷	۴۴۱
۴۳۵	۴۴۰	۴۳۸	۴۳۹	۴۳۱	۴۳۰
۴۴۷	۴۴۳	۴۲۷	۴۲۶	۴۴۶	۴۲۴
۴۲۰	۴۲۲	۴۲۱	۴۵۰	۴۱۹	۴۵۳

جو صبح کے وقت پڑھے گا اُس کی دن بھر کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی، اِس کا نقش اپنے پاس رکھنے سے ہر دلعزیز ہو گا، لوگوں میں قدر و منزلت بڑھے گی مال میں برکت، دُشمن سرنگوں، حاکم جابر سے محفوظ، مریض صحتیاب، قید سے رہائی پائے۔

سُورۃ محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم
صفحہ ۷۶ تا ۸۹

جو شخص اِس سُورت شریف کو پڑھے یا لکھ کر گلاب سے دھو کر پیئے تو جاہ و مرتبہ میں رفعت ہو اور اگر لکھ کر گلے میں ڈالے تو دشمنوں پر فتح یاب ہو اگر سخت مہم درپیش ہو تو اوّل و آخر گیارہ بار دُرُود شریف پڑھے، انشاء اللہ اس مہم پر غالب آئے۔

سُورۃ فتح
صفحہ ۹۰ تا ۱۰۳

۴۷۱۹۹	۴۷۲۱۳	۴۷۲۱۰	۴۷۲۰۶
۴۷۲۱۱	۴۷۲۰۵	۴۷۲۰۰	۴۷۲۱۲
۴۷۲۰۴	۴۷۲۰۸	۴۷۲۱۵	۴۷۳۰۱
۴۷۲۱۴	۴۷۲۱۳	۴۷۲۰۳	۴۷۳۰۹

رمضان شریف کا چاند دیکھ کر اِس سُورت کو تین بار پڑھنا باعثِ کشادگیٔ رزق ہے، جو شخص جنگ کے وقت اس کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو محفوظ رہے، کشتی یا جہاز وغیرہ میں سوار ہوتے وقت پڑھنے سے ہلاکت وغیرہ سے محفوظ رہے۔

سُورۃ الرّحمٰن
صفحہ ۱۰۴ تا ۱۱۲

ہر چیز کی کوئی نہ کوئی زینت ہوتی ہے۔ قرآنِ پاک کی زینت سُورۃ الرّحمٰن ہے، آنکھ کے درد

۳۰۲۹۶	۳۰۳۰۹	۳۰۳۰۶	۳۰۳۰۳
۳۰۳۰۷	۳۰۳۰۲	۳۰۲۹۷	۳۰۳۰۸
۳۰۳۰۱	۳۰۳۰۴	۳۰۳۱۱	۳۰۲۹۸
۳۰۳۱۰	۳۰۲۹۹	۳۰۳۰۰	۳۰۳۰۵

طحال کے مریض پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے مرض سے افاقہ ہوتا ہے، روزانہ تلاوت کرنے والے کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی

طرح منور ہوگا۔ اس سورۃ مبارکہ کا نقش لکھ کر پانی سے دھو کر گھر کی دیواروں پر چھڑکنے سے موذی جانور بھاگ جائیں گے۔

سورۃ واقعہ
صفحہ ۱۱۳ تا ۱۲۳

سورۃ واقعۃ کو سورۃ الغنا بھی کہا گیا ہے، رات کو سونے سے قبل اس سورۃ مبارک کی تلاوت کرنے والا شخص انشاء اللہ العزیز کبھی بھی فاقہ کا شکار نہ ہوگا، روزانہ پڑھنے والا شخص غنی ہو جاتا ہے۔ اس سورۃ مبارکہ کا نقش لکھ کر باندھنے سے ولادت میں آسانی ہو جاتی ہے۔

۲۵۷۴۱	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۷	۲۵۷۳۳
۲۵۷۴۶	۲۵۷۳۴	۲۵۷۴۰	۲۵۷۴۵
۲۵۷۲۵	۲۵۷۴۹	۲۵۷۴۲	۲۵۷۳۹
۲۵۷۴۳	۲۵۷۳۸	۲۵۷۳۶	۲۵۷۴۸

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ سورۃ واقعۃ کو خود بھی پڑھو اور اپنی اولاد کو بھی یاد کراؤ۔

سورۃ جمعہ
صفحہ ۱۲۴ تا ۱۲۸

اگر میاں بیوی میں نا اتفاقی رہتی ہو تو دونوں میں سے کوئی اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار جمعہ کے روز فجر کی نماز کے بعد تین بار پڑھ کر دعا مانگے اور ایسے سات جمعہ تک کرے، ایسا کرنے سے نفاق دور ہوگا محبت بڑھے گی، نیز جو شخص اچھی طرح کلام نہ کر سکتا ہو اس کے ورد سے اس کی زبان درست ہو جائے گی۔

سُورۃ تغابن
صفحہ ۱۲۹ تا ۱۳۵

سُورۃ تغابن کو پانی پر دم کر کے مکان کے در و دیوار پر چھڑکنے سے طاعون، ہیضہ اور آسیب وغیرہ کے لیے مفید بتایا جاتا ہے، اگر کوئی اس کو پڑھ کر کسی ظالم کے پاس جاوے تو اس کے ظُلم کے شر سے محفوظ رہے۔ اِس سُورۃ مُبارکہ کا نقش مکرم یہ ہے:

۱۹۹۳۵	۱۹۹۳۸	۱۹۹۴۱	۱۹۹۲۷
۱۹۹۴۰	۱۹۹۲۸	۱۹۹۳۴	۱۹۹۳۹
۱۹۹۲۹	۱۹۹۴۳	۱۹۹۳۶	۱۹۹۳۳
۱۹۹۳۷	۱۹۹۳۲	۱۹۹۳۰	۱۹۹۴۲

سُورۃ ملک
صفحہ ۱۳۶ تا ۱۴۴

سرورِ کائنات نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم روزانہ رات کو سوتے وقت سُورۃ ملک کی تلاوت فرمایا کرتے تھے، جو شخص عشاء کی نماز کے بعد سوتے وقت اس سُورت کی تلاوت روزانہ کرے گا وہ انشاءاللہ العزیز قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا، مغفرت نصیب ہو گی، سکرات سے امن پائے گا، مقروض قرض سے نجات پائے گا۔ رویتِ ہلال کے وقت تلاوت کرنے والا سارا مہینہ نہایت آرام سے بسر کرے گا۔

۳۳۱۹۹	۳۳۰۹۴	۳۳۲۰۱
۳۳۲۰۰	۳۳۱۹۸	۳۳۱۹۶
۳۳۱۹۵	۳۳۲۰۲	۳۳۱۹۷

آشوبِ چشم کے لیے روزانہ تین روز متواتر اس سُورت کو پڑھ کر دم کرنا بھی مفید ہے۔ اس کا نقش ہر مطلب برآری کے لیے مفید ہے۔

سُورۃ نوح
صفحہ ۱۴۵ تا ۱۵۱

اگر کسی سخت دشمن سے سامنا ہو جائے اور اس کا دفعیہ ناممکن ہو، تو سُورۃ نوح کو ایک ہزار بار پڑھیں یا بہت سے آدمی جن کی تعداد طاق ہو ایک ہی جلسہ میں بیٹھ کر ختم کریں، دشمن ہلاک ہو جائے گا، اگر اس کا نقش اپنے پاس رکھے تو ہر قسم کے رنج والم سے نجات پائے، نیز اولاد اور بارش کے لیے بھی یہ سُورت مفید ہے۔

۱۸۵۷۸	۱۸۵۸۱	۱۸۵۸۴	۱۸۵۷۱
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۲	۱۸۵۷۷	۱۸۵۸۲
۱۸۵۷۳	۱۸۵۷۶	۱۸۵۷۹	۱۸۵۸۶
۱۸۵۸۰	۱۸۵۷۵	۱۸۵۷۴	۱۸۵۸۵

سُورۃ جن
صفحہ ۱۵۲ تا ۱۵۹

آسیب زدہ کو سات روز تک روزانہ سات بار یہ سُورۃ مبارکہ پڑھ کر دم کرنے سے آسیب بھاگ جائے گا، سات سو بار پڑھنے سے جن پری قابو میں آجاوے، اس کا نقش بھی دفع آسیب اور قید سے رہائی کے لیے مفید ہے۔

۲۰۲۱۲	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۴
۲۰۲۱۳	۲۰۲۱۱	۲۰۲۰۹
۲۰۲۰۸	۲۰۲۱۵	۲۰۲۱۰

سُورۃ مزمّل
صفحہ ۱۶۰ تا ۱۶۵

سُورۃ مزمل کا روزانہ وِرد کرنے والا شخص حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی زیارت سے شرف یاب ہو، زبان بندی اور تیغ بندی کے لیے نہایت ہی مجرب ہے اگر یہ سُورۃ مبارکہ پڑھ کر حاکم کے سامنے

۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

جائے تو حاکم مہربان ہو۔ کشائشِ رزق کے لیے ہر روز سات مرتبہ پڑھے، سُورۂ مزّمّل پڑھنے والے پر عذاب نہیں ہوتا، اس پر دوزخ حرام ہے۔

سُورۂ نبا

صفحہ ۱۶۶ تا ۱۷۱

حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا ارشادِ پاک ہے کہ جس شخص نے سُورۂ نبا پڑھی، قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اُس شخص کو شراب طہُور پلائے گا۔ ظہر کے بعد تلاوت کرنے سے بصارت میں اضافہ ہوتا ہے اور نمازِ عصر کے بعد اِس سُورۂ مبارکہ کو پڑھنے سے بصارت زائل نہ ہوگی۔

۷۸۶

۱۷۵۵۳	۱۷۵۴۸	۱۷۵۵۵
۱۷۵۵۴	۱۷۵۵۲	۱۷۵۵۰
۱۷۵۴۹	۱۷۵۵۶	۱۷۵۵۱

سُورۂ طارق

صفحہ ۱۷۲، ۱۷۳

دفع آسیب کے لیے

سُورۂ طارق تین بار پڑھنے سے آسیب جاتا رہتا ہے، نیز اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو اس سُورۂ مُبارک کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

۴۴۴۱	۴۴۴۴	۴۴۴۷	۴۴۳۳
۴۴۴۶	۴۴۳۲	۴۴۴۰	۴۴۳۵
۴۴۳۵	۴۴۴۶	۴۴۴۲	۴۴۳۹
۴۴۴۳	۴۴۳۸	۴۴۳۶	۴۴۴۸

سُورۂ فجر

صفحہ ۱۷۴ تا ۱۷۸

صبح کے وقت سُورۂ فجر کی تلاوت کرنے والا شخص انشاء اللہ تعالیٰ تمام دن خوشی سے گزارے گا۔

سُورۂ کافرون

صفحہ ۱۷۹

آسیب اور جمیع بلیات کے لیے سُورۂ کافرون سو دفعہ پڑھنے سے ہر قسم کی تکلیف سے نجات ہوگی۔

سورۂ اخلاص
صفحہ ۱۸۰

سورۂ اخلاص تین بار پڑھنے سے ختم قرآن شریف کا ثواب ملتا ہے نقش گلے میں باندھنے سے بچہ تمام آفات سے محفوظ رہے۔

۷۸۶

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

سورۂ فلق
صفحہ ۱۸۱

بلاناغہ تلاوت کرنے والا تمام آفاتِ ارضی و سماوی سے محفوظ رہے گا۔ آسیب زدہ پر پڑھ کر دم کرنے سے آرام ہوگا۔

سورۂ ناس
صفحہ ۱۸۲

سورۃ والناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے سحر آسیب اور ہر بلا سے محفوظ رہے۔ اس سورۂ مبارکہ کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے تمام پریشانیاں دور ہوں۔

۷۸۶

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

آیتُ الکرسی
صفحہ ۱۸۳

حدیث شریف میں ہے کہ قرآن مجید کی آیتوں میں سب سے عظمت والی آیت آیت الکرسی شریف ہے سوتے وقت آیت الکرسی کی تلاوت کرنے سے رات بھر شیاطین قریب نہیں آسکتے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے نگہبانی ہوتی ہے۔ اکثر اکابر مشائخ سلف صالحین فرماتے ہیں کہ اس میں اسم اعظم شریف الحیّ القیّوم ہے۔

اسماءُ الحسنٰی
صفحہ ۱۸۵ تا ۱۸۶

یہ اللہ تعالیٰ کے پاک نام ہیں جو کوئی ان کو یاد کر کے روزانہ پڑھا کرے گا انشاء اللہ العزیز جنت میں داخل ہوگا۔

اسماء نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم
صفحہ ۱۸۹ تا ۱۹۲

یہ حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے اسماء مبارک ہیں پڑھتے وقت ہر مقدس نام سے پہلے سیّدنا اور بعد میں صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ضرور پڑھے۔ ہر شب باوضو ہو کر حضور نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا تصوّر کر کے باادب وشوق سے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں سرکارِ دوعالم حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی زیارت سے ضرور مشرف ہو گا۔

اسماء السبع
صفحہ ۱۹۳ تا ۱۹۷

جو شخص اِن اسماء مبارک کے معانی و مطالب سمجھ کر پڑھے اور اس کے مطابق عمل پیرا ہو، تو وہ ایک انسانِ کامل کا نمونہ بن جائے اور برکاتِ الٰہیہ سے مستفید ہو۔

دُرُود اکبر
صفحہ ۱۹۸ تا ۲۴۲

بزرگانِ سلف سے روایت ہے کہ خلوصِ نیّت اور صدقِ دل سے اس دُرُود شریف کو پڑھنے والا شخص حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی زیارت سے شرف یاب ہو گا۔

دُرُود لکھی
صفحہ ۲۴۳ تا ۲۵۰

قرآن مجید میں ہے کہ اللہ ربّ العزّت اور فرشتے حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر دُرُود بھیجتے ہیں اور مسلمانوں کو بھی نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر دُرُود بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اِس دُرُود شریف میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر بے انتہا دُرُود و سلام عرض کیا گیا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے یقینی توقع ہے کہ اس کے پڑھنے والے کو لاکھ یا اس سے بھی زیادہ ثواب عطا فرمائے۔

دُرُود تاج
صفحہ ۲۵۱ تا ۲۵۴

حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی خواب میں زیارت کے آرزومند کو چاہیے کہ عروجِ ماہ شبِ جمعہ بعد نمازِ عشاء پاک و صاف لباس پہن کر اور خوشبو لگا کر

اِس دُرود کو باوضو (۷۰) بار پڑھ کر سوجائے اور گیارہ شب یہی عمل کرے، انشاء اللہ تعالیٰ حضورِ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی زیارت سے شرف یاب ہوگا۔ افلاس، رنج، ظالم کے ظلم، دشمنوں کے شر دُور کرنے اور فراخیٔ رزق کے لیے اِس کا ایک چِلّہ شب کے وقت اکتالیس مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

ہفت ہیکل صفحہ ۳۲۴ تا ۳۳۹

جو کوئی روزانہ اس کا وِرد کرے گا اللہ تبارک و تعالیٰ اگر چاہے تو اس کو اور اس کے والدین کو دوزخ کے عذاب سے آزاد فرمائے، جو کوئی اس کو اپنے پاس رکھے گا وبائی امراض سے محفوظ رہے گا، اس پر سکرات کی تکلیف آسان ہوگی، اس کے علاوہ اور بہت سے فوائد ہیں، نیز تمام آفات سے محفوظ رہے گا، اگر مقروض ہوگا تو قرضے سے بھی سبکدوش ہوجائے گا۔

شش قفل صفحہ ۳۴۰ تا ۳۴۳

جو کوئی روزانہ شب کے وقت اس کو پڑھے گا انشاء اللہ رحمتِ خداوندی سے نوازا جائے گا اور تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

دُعائے گنج العرش صفحہ ۳۴۶ تا ۳۵۹

اس مبارک دُعا کا پڑھنا موجبِ ثوابِ دارین وحصولِ منافعِ دین و دنیا، وسعت و کشادگیٔ رزق اور حلِ المشکلات ہے، لاعلاج مریض اور سحور مریض پر پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ العزیز صحت ہوگی۔

دُعائے امن صفحہ ۳۴۴

جو کوئی سال میں ایک دفعہ دُعائے امن کو پڑھے گا تو انشاء اللہ العزیز سال بھر آسیب وغیرہ سے امن میں رہے گا۔

دُعائے جمیلہ صفحہ ۳۶۰ تا ۳۶۲

دُعائے جمیلہ کو پڑھنا باعثِ بخشش گناہ وحصولِ ثواب ہے، جو شخص فرض نمازوں اور بالخصوص تہجّد کی نماز کے بعد دُعائے جمیلہ پڑھے گا، بیحد وحساب ثواب پائے گا۔

دُعائے عکاشہ صفحہ ۳۶۵ تا ۳۷۴

اس دُعا کے ذریعہ ایک گنہگار بندہ اپنی نامعلوم کوتاہیوں پر تائب ہو رہا ہے اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہُوئے سیّدالاستغفار کے ذریعہ اپنے پروردگار سے بخشش طلب کر رہا ہے، کیا عجب کہ اس وقت دریائے رحمت موجزن ہو اور ان کی برکتوں سے اس کا بیڑا پار ہو جائے۔

عہد نامہ صفحہ ۳۷۵، ۳۷۶

عہد نامے کے پڑھنے سے انشاء اللہ ایمان کامل اور تازہ ہوگا۔ ہر قسم کی جائز حاجات پوری ہوں گی اور امراض و مصائب سے نجات ملے گی۔

دُعائے حبیب صفحہ ۳۹۴ تا ۴۰۰

یہ دُعا عاشقِ رسُول، مؤذنِ نبی حضور رسُولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب ہے جو نہایت مفید اور متبرک مانی گئی ہے۔

مسبعات عشر صفحہ ۴۰۲ تا ۴۱۱

مسبعات عشر، درُود مستغاث، درُود کبریت احمر وغیرہ صبح کی نماز کے بعد کے وظائف ہیں مقصد یہ انسان کے اوقات ذکر الٰہی سے خالی نہ ہوں جس کے لیے پیدا کیا گیا ہے نیز واضح رہے کہ کسبِ حلال بعض نوافل سے افضل ہے۔

اورادالاسبوع صفحہ ۴۱۲ تا ۴۴۵

یہ اوراد سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے منسوب ہیں اور ہفتہ کے سات دنوں پر تقسیم کیے گئے ہیں، روزانہ کسی فرض نماز کے بعد درُود شریف پڑھ کر اُس دن کا ورد پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ دنیوی و اُخروی فوائد حاصل ہوں گے فراخیِ رزق، موت کی سختی سے نجات اور قبر میں راحت ملے گی۔

سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّعَشْرُ اٰيَاتٍ وَّاِثْنَا عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۂ کہف مکہ میں نازل ہوئی اس کی ایک سو دس آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ

سب خوبیاں اللہ کو جس نے اپنے بندے پر

الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ ۝۱ قَيِّمًا

کتاب اتاری اور اس میں اصلاً کجی نہ رکھی عدل والی

لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ

کتاب کہ اللہ کے سخت عذاب سے ڈرائے اور

الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ

ایمان والوں کو جو نیک کام کریں بشارت دے کہ

اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝۲ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ

ان کے لیے اچھا ثواب ہے جس میں ہمیشہ

اَبَدًا ۝۳ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ

رہیں گے اور ان کو ڈرائے جو کہتے ہیں کہ اللہ نے اپنا کوئی

وَلَدًا ۝۴ مَا لَهُمۡ بِهٖ مِنۡ عِلۡمٍ وَّلَا

بچہ بنایا اس بارے میں نہ وہ کچھ علم رکھتے ہیں نہ ان

لِاٰبَآئِهِمۡ ؕ كَبُرَتۡ كَلِمَةً تَخۡرُجُ

کے باپ دادا کتنا بڑا بول ہے کہ ان کے منہ

مِنۡ اَفۡوَاهِهِمۡ ؕ اِنۡ يَّقُوۡلُوۡنَ اِلَّا كَذِبًا ۝۵

سے نکلتا ہے نرا جھوٹ کہہ رہے ہیں

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفۡسَكَ عَلٰۤى اٰثَارِهِمۡ

تو کہیں تم اپنی جان پر کھیل جاؤ گے ان کے پیچھے

اِنۡ لَّمۡ يُؤۡمِنُوۡا بِهٰذَا الۡحَدِيۡثِ اَسَفًا ۝۶

اگر وہ اس بات پر ایمان نہ لائیں غم سے

اِنَّا جَعَلۡنَا مَا عَلَى الۡاَرۡضِ زِيۡنَةً لَّهَا

بے شک ہم نے زمین کا سنگھار کیا جو کچھ

لِنَبۡلُوَهُمۡ اَيُّهُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا ۝۷ وَاِنَّا

اس پر ہے کہ انھیں آزمائیں ان میں کس کے کام بہتر ہیں اور بیشک

لَجٰعِلُوۡنَ مَا عَلَيۡهَا صَعِيۡدًا جُرُزًا ؕ ۝۸

جو کچھ اس پر ہے ایک دن ہم اسے پٹ پر میدان کر چھوڑیں گے

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ

کیا تمھیں معلوم ہوا کہ پہاڑ کی کھوہ اور جنگل کے کنارے والے

كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ

ہماری ایک عجیب نشانی تھے جب ان نوجوانوں نے

اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ

غار میں پناہ لی پھر بولے اے ہمارے رب ہمیں اپنے پاس سے

رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾

رحمت دے اور ہمارے کام میں ہمارے لیے راہ یابی کے سامان کر

فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ

تو ہم نے اس غار میں ان کے کانوں پر گنتی کے کئی برس

عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ۙ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَیُّ الْحِزْبَيْنِ

تھپکا پھر ہم نے انھیں جگایا کہ دیکھیں دو گروہوں میں کون ان کے

اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾ ع نَحْنُ نَقُصُّ

ٹھہرنے کی مدت زیادہ ٹھیک بتاتا ہے ہم ان کا ٹھیک ٹھیک

عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ

حال تمھیں سنائیں وہ کچھ جوان تھے

اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَ زِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾ وَّ
کہ اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے ان کو ہدایت بڑھائی اور

رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا
ہم نے ان کی ڈھارس بندھائی جب کھڑے ہو کر بولے کہ ہمارا رب

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ
وہ ہے جو آسمان اور زمین کا رب ہے ہم اس کے سوا کسی معبود کو

دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَاۤ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾
نہ پوجیں گے ایسا ہو تو ہم نے ضرور حد سے گزری ہوئی بات کہی

هٰۤؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ
یہ جو ہماری قوم ہے اس نے اللہ کے سوا خدا بنا رکھے ہیں

لَوْ لَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ
کیوں نہیں لاتے ان پر کوئی روشن سند تو

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿۱۵﴾ ؕ
اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ باندھے

وَ اِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَ مَا يَعْبُدُوْنَ
اور جب تم ان سے اور جو کچھ وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں

إِلَّا اللّٰهَ فَأْوٗٓا إِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ

سب سے الگ ہو جاؤ تو غار میں پناہ لو تمہارا رب تمہارے لیے

رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ

اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے کام میں آسانی کے

أَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ إِذَا طَلَعَتْ

سامان بنا دے گا اور اے محبوب تم سورج کو دیکھو گے کہ جب نکلتا

تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَ

ہے تو ان کے غار سے داہنی طرف بچ جاتا ہے اور

إِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ

جب ڈوبتا ہے تو ان سے بائیں طرف کترا جاتا ہے

وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ط ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ط

حالانکہ وہ اس غار کے کھلے میدان میں ہیں یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ج وَمَنْ يُّضْلِلْ

جسے اللہ راہ دے تو وہی راہ پر ہے اور جسے گمراہ کرے تو

فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ ع وَتَحْسَبُهُمْ

ہرگز اس کا کوئی حمایتی راہ دکھانے والا نہ پاؤ گے اور تم انھیں

اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ

جاگتا سمجھو اور وہ سوتے ہیں اور ہم ان کی داہنی

الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ

بائیں کروٹیں بدلتے ہیں اور ان کا کتا

بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ۗ لَوِ اطَّلَعْتَ

اپنی کلائیاں پھیلائے ہوئے ہے غار کی چوکھٹ پر اے سننے والے

عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ

اگر تو انھیں جھانک کر دیکھے تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگے اور ان سے

مِنْهُمْ رُعْبًا ۝١٨ وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا

ہیبت میں بھر جائے اور یونہی ہم نے ان کو جگایا کہ آپس میں ایک

بَيْنَهُمْ ۗ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۗ

دوسرے سے احوال پوچھیں ان میں ایک کہنے والا بولا تم یہاں کتنی دیر رہے

قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۗ قَالُوْا رَبُّكُمْ

کچھ بولے کہ ایک دن رہے یا دن سے کم دوسرے بولے تمھارا رب

اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۗ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ

خوب جانتا ہے جتنا تم ٹھہرے تو اپنے میں سے ایک کو یہ چاندی لے کر

هٰذِهٖۤ اِلَى الْمَدِیْنَةِ فَلْیَنْظُرْ اَیُّهَاۤ اَزْكٰى

شہر میں بھیجو پھر وہ غور کرے کہ وہاں کون سا

طَعَامًا فَلْیَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَ لْیَتَلَطَّفْ

کھانا زیادہ ستھرا ہے کہ تمہارے لیے اس میں کھانے کو لائے اور چاہیئے کہ

وَ لَا یُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ۱۹ اِنَّهُمْ اِنْ

نرمی کرے اور ہرگز کسی کو تمہاری اطلاع نہ دے بے شک اگر وہ

یَّظْهَرُوْا عَلَیْكُمْ یَرْجُمُوْكُمْ اَوْ یُعِیْدُوْكُمْ

تمہیں جان لیں گے تو تمہیں پتھراؤ کریں گے یا اپنے دین میں

فِیْ مِلَّتِهِمْ وَ لَنْ تُفْلِحُوْۤا اِذًا اَبَدًا ۲۰ وَ كَذٰلِكَ

پھیر لیں گے اور ایسا ہوا تو تمہارا کبھی بھلا نہ ہوگا اور اسی طرح ہم

اَعْثَرْنَا عَلَیْهِمْ لِیَعْلَمُوْۤا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

نے ان کی اطلاع کر دی کہ لوگ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ

حَقٌّ وَّ اَنَّ السَّاعَةَ لَا رَیْبَ فِیْهَا ۚ اِذْ یَتَنَازَعُوْنَ

سچا ہے اور قیامت میں کچھ شبہ نہیں جب وہ لوگ ان کے معاملہ

بَیْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَیْهِمْ بُنْیَانًا ؕ

میں باہم جھگڑنے لگے تو بولے ان کے غار پر کوئی عمارت بناؤ

رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا

ان کا رب انھیں خوب جانتا ہے وہ بولے جو اس کام میں غالب

عَلٰۤى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿۲۱﴾

رہے تھے قسم ہے کہ اُن پر مسجد بنائیں گے

سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ

اب کہیں گے کہ وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا اور کچھ کہیں گے

خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۚ

پانچ ہیں چھٹا ان کا کتا بے دیکھے الاؤ تکا بات

وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ؕ قُلْ

اور کچھ کہیں گے سات ہیں اور آٹھواں ان کا کتا تم فرماؤ

رَّبِّيْۤ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا

میرا رب ان کی گنتی خوب جانتا ہے انھیں نہیں جانتے مگر

قَلِيْلٌ ۬ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۪ وَّلَا

تھوڑے تو ان کے بارے میں بحث نہ کرو مگر اتنی ہی بحث جو ظاہر

تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾ ع وَلَا تَقُوْلَنَّ

ہو چکی اور ان کے بارے میں کسی کتابی سے کچھ نہ پوچھو اور ہرگز کسی

لِشَایْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾ اِلَّاۤ اَنْ

بات کو نہ کہنا کہ میں کل یہ کر دوں گا مگر یہ کہ

یَّشَآءَ اللّٰهُ ۫ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِیْتَ وَقُلْ

اللہ چاہے اور اپنے رب کی یاد کر جب تو بھول جائے اور یوں کہو

عَسٰۤی اَنْ یَّهْدِیَنِ رَبِّیْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا

کہ قریب ہے میرا رب مجھے اس سے نزدیک تر راستی کی راہ

رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ

دکھائے اور وہ اپنے غار میں تین سو برس

سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ

ٹھہرے نو اوپر تم فرماؤ اللہ خوب جانتا ہے

بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

وہ جتنا ٹھہرے اسی کے لیے ہیں آسمانوں اور زمینوں کے سب غیب

اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ

وہ کیا ہی دیکھتا اور کیا ہی سنتا ہے اس کے سوا ان کا کوئی والی نہیں

وَّلِیٍّ ۫ وَّلَا یُشْرِكُ فِیْ حُكْمِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

اور وہ اپنے حکم میں کسی کو شریک نہیں کرتا

وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ج

اور تلاوت کرو جو تمہارے رب کی کتاب تمھیں وحی ہوئی

لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ قف ج وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ

اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور ہرگز تم اس کے سوا پناہ

مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ

نہ پاؤ گے اور اپنی جان ان سے مانوس رکھو جو

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ

صبح و شام اپنے رب کو پکارتے ہیں اس کی رضا چاہتے ہیں اور تمہاری

وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ج تُرِيْدُ

آنکھیں انھیں چھوڑ کر اور پر نہ پڑیں کیا تم دنیا کی

زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ج وَلَا تُطِعْ مَنْ

زندگانی کا سنگھار چاہو گے اور اس کا کہا نہ مانو جس کا

اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ

دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے چلا

وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ قف

اور اس کا کام حد سے گزر گیا اور فرما دو کہ حق تمہارے رب کی طرف سے ہے

فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ

تو جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کفر کرے

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ

بیشک ہم نے ظالموں کے لیے وہ آگ تیار کر رکھی ہے جس کی دیواریں

سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ

انہیں گھیر لیں گی اور اگر پانی کے لیے فریاد کریں تو ان کی فریاد رسی ہوگی

كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ

اس پانی سے کہ چرخ دیئے ہوئے دھات کی طرح ہے کہ انکے منہ بھون دیگا کیا ہی برا پینا ہے

وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ۝٢٩ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

اور دوزخ کیا ہی بری ٹھہرنے کی جگہ بیشک جو ایمان لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ

نیک کام کئے ہم ان کے نیگ ضائع نہیں کرتے جن کے کام اچھے

عَمَلًا ۝٣٠ۚ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ

ہوں ان کے لئے بسنے کے باغ ہیں ان کے نیچے ندیاں

مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ

بہیں وہ اس میں سونے کے

أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَيَلْبَسُونَ ثِيَابًا خُضْرًا

کنگن پہنائے جائیں گے اور سبز کپڑے

مِّن سُندُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِئِينَ فِيهَا

کریب اور قناویز کے پہنیں گے وہاں تختوں پر

عَلَى الْأَرَائِكِ ط نِعْمَ الثَّوَابُ ط وَحَسُنَتْ

تکیہ لگائے کیا ہی اچھا ثواب اور جنت کیا ہی اچھی آرام

مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾ وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ ع ۹ ۱۶

کی جگہ اور ان کے سامنے دو مردوں کا حال بیان کرو

جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ

کہ ان میں ایک کو ہم نے انگوروں کے دو باغ دیئے

وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ط ﴿٣٢﴾

اور اُن کو کھجوروں سے ڈھانپ لیا اور ان کے بیچ بیچ میں کھیتی رکھی

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِم

دونوں باغ اپنے پھل لائے اور اس میں کچھ کمی

مِّنْهُ شَيْئًا لا وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا نَهَرًا لا ﴿٣٣﴾

نہ دی اور دونوں کے بیچ میں ہم نے نہر بہائی

وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ

اور وہ پھل رکھتا تھا تو اپنے ساتھی سے بولا اور وہ

يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ

اس سے ردّ و بدل کرتا تھا میں تجھ سے مال میں زیادہ ہوں اور آدمیوں کا زیادہ

نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ

زور رکھتا ہوں اپنے باغ میں گیا اور اپنی جان پر ظلم

لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ

کرتا ہوا بولا مجھے گمان نہیں کہ یہ کبھی فنا

اَبَدًا ﴿۳۵﴾ لا وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً لا وَّ

ہو اور میں گمان نہیں کرتا کہ قیامت قائم ہو اور

لَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّىْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا

اگر میں اپنے رب کی طرف پھر گیا بھی تو ضرور اس باغ سے بہتر

مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ

پلٹنے کی جگہ پاؤں گا اس کے ساتھی نے اس سے الٹ پھیر

يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِىْ خَلَقَكَ مِنْ

کرتے ہوئے جواب دیا کیا تو اس کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے تجھے

تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾ ط

مٹی سے بنایا پھر تجھے ٹھیک مرد کیا

لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ

لیکن میں تو یہی کہتا ہوں کہ وہ اللہ ہی میرا رب ہے اور میں کسی کو اپنے رب کا شریک نہیں

اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ

کرتا ہوں اور کیوں نہ ہوا کہ جب تو اپنے باغ میں گیا تو کہا ہوتا

مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ

جو چاہے اللہ ہمیں کچھ زور نہیں مگر اللہ کی مدد کا اگر تو مجھے

اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ ج فَعَسٰى

اپنے سے مال و اولاد میں کم دیکھتا تھا تو قریب ہے کہ

رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَ

میرا رب مجھے تیرے باغ سے اچھا دے اور تیرے باغ

يُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ

پر آسمان سے بجلیاں اتارے تو وہ پٹ پر میدان

صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ لا اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا

ہو کر رہ جائے یا اس کا پانی زمین میں دھنس جائے

فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ

پھر تو اسے ہرگز تلاش نہ کرسکے اور اس کے پھل گھیر لیئے گئے

فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا

تو اپنے ہاتھ ملتا رہ گیا اس لاگت پر جو اس باغ میں خرچ کی تھی

وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ

اور وہ اپنی ٹٹیوں پر گرا ہوا تھا اور کہہ رہا ہے

يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْ اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَلَمْ

اے کاش میں نے اپنے رب کا کسی کو شریک نہ کیا ہوتا اور اس

تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

کے پاس کوئی جماعت نہ تھی کہ اللہ کے سامنے اس کی مدد کرتی

وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ ط هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ

نہ وہ بدلہ لینے کے قابل تھا یہاں کھلتا ہے کہ اختیار سچے

لِلّٰهِ الْحَقِّ ط هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ ع

اللہ کا ہے اس کا ثواب سب سے بہتر اور اسے ماننے کا انجام سب سے بھلا

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ

اور ان کے سامنے زندگانی دنیا کی کہاوت بیان کرو جیسے ایک پانی

اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ

ہم نے آسمان سے اُتارا تو اُس کے سبب

الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِیْمًا تَذْرُوْهُ الرِّیٰحُ ؕ

زمین کا سبزہ گھنا ہو کر نکلا کہ سوکھی گھاس ہو گیا جسے ہوائیں اُڑائیں

وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾

اور اللہ ہر چیز پر قابو والا ہے

اَلْمَالُ وَ الْبَنُوْنَ زِیْنَةُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ

مال اور بیٹے یہ جیتی دُنیا کا سنگھار ہے

وَ الْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ

اور باقی رہنے والی اچھی باتیں ان کا ثواب تمھارے رب کے یہاں

ثَوَابًا وَّ خَیْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَ یَوْمَ نُسَیِّرُ الْجِبَالَ

بہتر اور وہ امید میں سب سے بھلی اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے

وَ تَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّ حَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ

اور تم زمین کو صاف کھلی ہوئی دیکھو گے اور ہم انھیں اٹھائیں گے تو

نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ ۚ وَ عُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ

ان میں سے کسی کو نہ چھوڑیں گے اور سب تمھارے رب کے حضور

صَفًّا ۚ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ
پُرا باندھے پیش ہونگے بیشک تم ہمارے پاس ویسے ہی آئے جیسا ہم نے تمھیں پہلی بار

مَرَّةٍۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ
بنایا تھا بلکہ تمھارا گمان تھا کہ ہم ہرگز تمھارے لیے کوئی

مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ
وعدہ کا وقت نہ رکھیں گے اور نامۂ اعمال رکھا جائے گا تو تم مجرموں کو دیکھو گے

مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ
کہ اس کے لکھے سے ڈرتے ہونگے اور کہیں گے ہائے خرابی ہماری اس

هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً
نوشتہ کو کیا ہُوا نہ اس نے کوئی چھوٹا گناہ چھوڑا اور نہ بڑا جسے

اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ
گھیر نہ لیا ہو اور اپنا سب کیا انھوں نے سامنے پایا

ع ۵ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ ۱۶
اور تمھارا رب کسی پر ظلم نہیں کرتا اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں کو

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ
فرمایا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوا ابلیس کے قوم

مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ

جن سے تھا تو اپنے رب کے حکم سے نکل گیا بھلا کیا اسے

وَ ذُرِّیَّتَهٗۤ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِیْ وَ هُمْ لَكُمْ

اور اس کی اولاد کو میرے سوا دوست بناتے ہو اور وہ ہمارے

عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِیْنَ بَدَلًا ۞۵۰ مَاۤ

دشمن ہیں ظالموں کو کیا ہی بُرا بدل ملا نہ میں

اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

نے آسمانوں اور زمین کو بناتے وقت انھیں سامنے بٹھا لیا تھا

وَ لَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَ مَا كُنْتُ مُتَّخِذَ

نہ خود ان کے بناتے وقت اور نہ میری شان کہ گمراہ کرنے

الْمُضِلِّیْنَ عَضُدًا ۞۵۱ وَ یَوْمَ یَقُوْلُ نَادُوْا

والوں کو بازو بناؤں اور جس دن فرمائے گا کہ پکارو میرے

شُرَكَآءِیَ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ

شریکوں کو جو تم گمان کرتے تھے تو انھیں پکاریں گے وہ

یَسْتَجِیْبُوْا لَهُمْ وَ جَعَلْنَا بَیْنَهُمْ مَّوْبِقًا ۞۵۲

انھیں جواب نہ دیں گے اور ہم انکے درمیان ایک ہلاکت کا میدان کر دیں گے

وَرَاَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ النَّارَ فَظَنُّوۡۤا اَنَّهُمۡ مُّوَاقِعُوۡهَا

اور مجرم دوزخ کو دیکھیں گے تو یقین کریں گے کہ انھیں اس میں گرنا ہے

وَلَمۡ يَجِدُوۡا عَنۡهَا مَصۡرِفًا ۵۳ وَلَقَدۡ صَرَّفۡنَا

اور اس سے پھرنے کی کوئی جگہ نہ پائیں گے اور بیشک ہم نے

فِىۡ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لِلنَّاسِ مِنۡ كُلِّ مَثَلٍ ؕ

لوگوں کے لیے اس قرآن میں ہر قسم کی مثل طرح طرح بیان فرمائی

وَكَانَ الۡاِنۡسَانُ اَكۡثَرَ شَىۡءٍ جَدَلًا ۵۴ وَمَا

اور آدمی ہر چیز سے بڑھ کر جھگڑالو ہے اور

مَنَعَ النَّاسَ اَنۡ يُّؤۡمِنُوۡۤا اِذۡ جَآءَهُمُ

آدمیوں کو کس چیز نے اس سے روکا کہ ایمان لاتے جب

الۡهُدٰى وَيَسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ تَاۡتِيَهُمۡ

ہدایت انکے پاس آئی اور اپنے رب سے معافی مانگتے مگر یہ کہ ان پر

سُنَّةُ الۡاَوَّلِيۡنَ اَوۡ يَاۡتِيَهُمُ الۡعَذَابُ قُبُلًا ۵۵

اگلوں کا دستور آئے یا ان پر قسم قسم کا عذاب آئے

وَمَا نُرۡسِلُ الۡمُرۡسَلِيۡنَ اِلَّا مُبَشِّرِيۡنَ وَ

اور ہم رسولوں کو نہیں بھیجتے مگر خوشی اور

مُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ڈر سنانے والے اور جو کافر ہیں وہ باطل کے ساتھ

بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا

جھگڑتے ہیں کہ اس سے حق کو ہٹا دیں اور انھوں نے میری

اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿۵۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

آیتوں کی جو ڈر انھیں سنانے گئے تھے ان کی ہنسی بنالی اور اس سے بڑھ کر ظالم

مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا

کون جسے اس کے رب کی آیتیں یاد دلائی جائیں تو وہ

وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى

ان سے منہ پھیر لے اور اسکے ہاتھ جو آگے بھیج چکے اُسے بھول جائے ہم نے ان کے

قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ

دلوں پر غلاف کر دیئے ہیں کہ قرآن نہ سمجھیں اور ان کے کانوں میں

وَقْرًا ؕ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ

گرانی اور اگر تم انھیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو جب بھی

يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۵۷﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ

ہرگز کبھی راہ نہ پائیں گے اور تمہارا رب بخشنے والا مہر والا ہے

لَوْ يُؤَاخِذُهُم بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ

اگر وہ انھیں ان کے کئے پر پکڑتا تو جلد ان پر

الْعَذَابَ ۚ بَل لَّهُم مَّوْعِدٌ لَّن يَجِدُوا مِن

عذاب بھیجتا بلکہ ان کے لیے ایک وعدہ کا وقت ہے جس کے سامنے کوئی

دُونِهِ مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ الْقُرَىٰ أَهْلَكْنَاهُمْ

پناہ نہ پائیں گے اور یہ بستیاں ہم نے تباہ کر دیں

لَمَّا ظَلَمُوا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِم مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾ ع

جب انھوں نے ظلم کیا اور ہم نے ان کی بربادی کا ایک وعدہ کر رکھا تھا

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ حَتَّىٰ

اور یاد کرو جب موسیٰ نے اپنے خادم سے کہا میں باز نہ رہوں گا جب تک

أَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾

وہاں نہ پہنچوں جہاں دو سمندر ملے ہیں یا قرنوں چلا جاؤں

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا

پھر جب وہ دونوں ان دریاؤں کے ملنے کی جگہ پہنچے اپنی مچھلی بھول گئے

فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿۶۱﴾ فَلَمَّا

اور اس نے سمندر میں اپنی راہ لی سرنگ بناتی پھر جب

جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۡ لَقَدْ

وہاں سے گزر گئے موسیٰ نے خادم سے کہا ،ہمارا صبح کا کھانا لاؤ

لَقِیْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ

بے شک ہمیں اپنے سفر میں بڑی مشقّت کا سامنا ہُوا .بولا

اَرَءَیْتَ اِذْ اَوَیْنَاۤ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّیْ

دیکھئے تو جب ہم نے اُس چٹان کے پاس جگہ لی تھی تو

نَسِیْتُ الْحُوْتَ ۡ وَمَاۤ اَنْسٰىنِیْهُ اِلَّا الشَّیْطٰنُ

بیشک میں مچھلی کو بھول گیا اور مجھے شیطان ہی نے بھلا دیا کہ میں

اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِیْلَهٗ فِی الْبَحْرِ ۖۗ

اُس کا مذکور کروں اور اُس نے تو سمندر میں اپنی راہ لی

عَجَبًا ﴿٦٣﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖۗ فَارْتَدَّا

اچنبا ہے موسیٰ نے کہا یہی تو ہم چاہتے تھے تو پیچھے پلٹے

عَلٰۤى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿٦٤﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا

اپنے قدموں کے نشان دیکھتے تو ہمارے بندوں میں سے

مِّنْ عِبَادِنَاۤ اٰتَیْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا

ایک بندہ پایا جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی

وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾ قَالَ لَهٗ
اور اسے اپنا علم لدنی عطا کیا اس سے موسیٰ نے کہا
مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ
کیا میں تمہارے ساتھ رہوں اس شرط پر کہ تم مجھے سکھا دوگے
مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿٦٦﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ
نیک بات جو تمہیں تعلیم ہوئی کہا آپ میرے ساتھ
تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٦٧﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ
ہرگز نہ ٹھہر سکیں گے اور اس بات پر کیونکر صبر
عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿٦٨﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ
کریں گے جسے آپ کا علم محیط نہیں کہا عنقریب اللہ چاہے تو
اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿٦٩﴾
تم مجھے صابر پاؤ گے اور میں تمہارے کسی حکم کے خلاف نہ کروں گا
قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ
کہا تو اگر آپ میرے ساتھ رہتے ہیں تو مجھ سے کسی بات کو نہ پوچھنا
حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿٧٠﴾ ع فَانْطَلَقَا وقفہ
جب تک میں خود اس کا ذکر نہ کردوں اب دونوں چلے

حَتّٰۤى اِذَا رَكِبَا فِی السَّفِیْنَةِ خَرَقَهَا ؕ

یہاں تک کہ جب کشتی میں سوار ہوئے اس بندہ نے اسے چیر ڈالا

قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ

موسیٰ نے کہا کیا تم نے اسے اس لیے چیرا کہ اس کے

جِئْتَ شَیْــٴًـا اِمْرًا ﴿۷۱﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ

سواروں کو ڈبا دو بیشک تم نے بُری بات کی کہا میں نہ کہتا تھا

اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ

کہ آپ میرے ساتھ ہرگز نہ ٹھہر سکیں گے کہا

لَا تُؤَاخِذْنِیْ بِمَا نَسِیْتُ وَ لَا تُرْهِقْنِیْ

مجھ سے میری بھول پر گرفت نہ کرو اور مجھ پر میرے کام میں

مِنْ اَمْرِیْ عُسْرًا ﴿۷۳﴾ فَانْطَلَقَا ٙ وقفة حَتّٰۤى

مشکل نہ ڈالو پھر دونوں چلے یہاں تک کہ

اِذَا لَقِیَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ

جب ایک لڑکا ملا اس بندے نے اسے قتل کردیا موسیٰ نے کہا کیا تم نے

نَفْسًا زَكِیَّةًۢ بِغَیْرِ نَفْسٍ ؕ لَقَدْ جِئْتَ

ایک ستھری جان بے کسی جان کے بدلے قتل کردی بیشک تم نے

شَيْئًا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ

بہت بری بات کی کہا میں نے آپ سے نہ کہا تھا کہ آپ

لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٥﴾ قَالَ اِنْ

ہرگز میرے ساتھ نہ ٹھہر سکیں گے کہا اس نے بعد میں

سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍۢ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ج

تم سے کچھ پوچھوں تو پھر میرے ساتھ نہ رہنا

قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿٧٦﴾ فَانْطَلَقَا وقفة

بے شک میری طرف سے تمھارا عذر پورا ہو چکا پھر دونوں چلے

حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ ن اسْتَطْعَمَآ

یہاں تک کہ جب ایک گاؤں والوں کے پاس آئے ان دہقانوں

اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا

سے کھانا مانگا انھوں نے انھیں دعوت دینی قبول نہ کی پھر دونوں

فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ

نے اس گاؤں میں ایک دیوار پائی کہ گرا چاہتی ہے اس بندہ

فَاَقَامَهٗ ط قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ

نے اسے سیدھا کر دیا موسیٰ نے کہا تم چاہتے تو اس پر کچھ مزدوری

اَجْرًا ﴿٧٧﴾ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ج

لے لیتے کہا یہ میری اور آپ کی جدائی ہے

سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ

اب میں آپ کو ان باتوں کا پھیر بتاؤں گا جن پر آپ

عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ

سے صبر نہ ہو سکا وہ جو کشتی تھی وہ کچھ

لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ

محتاجوں کی تھی کہ دریا میں کام کرتے تھے تو میں نے چاہا کہ

اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ

اسے عیب دار کردوں اور ان کے پیچھے ایک بادشاہ تھا کہ

يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَاَمَّا

ہر ثابت کشتی زبردستی چھین لیتا اور وہ جو

الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ

لڑکا تھا اس کے ماں باپ مسلمان تھے تو ہمیں ڈر ہوا کہ

اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ج ﴿٨٠﴾ فَاَرَدْنَآ

وہ ان کو سرکشی اور کفر پر چڑھاوے تو ہم نے چاہا کہ

اَنْ یُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَیْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً

ان دونوں کا رب اس سے بہتر ستھرا اور اس سے زیادہ

وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ

مہربانی میں قریب عطا کرے رہی وہ دیوار وہ

لِغُلٰمَیْنِ یَتِیْمَیْنِ فِی الْمَدِیْنَةِ

شہر کے دو یتیم لڑکوں کی تھی

وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا

اور اس کے نیچے ان کا خزانہ تھا اور ان کا باپ

صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنْ یَّبْلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا

نیک آدمی تھا تو آپ کے رب نے چاہا کہ وہ دونوں اپنی جوانی کو

وَیَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ

پہنچیں اور اپنا خزانہ نکالیں آپ کے رب کی رحمت سے

وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِیْ ؕ ذٰلِكَ تَاْوِیْلُ

اور یہ کچھ میں نے اپنے حکم سے نہ کیا یہ پھیر ہے ان باتوں کا

مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَیْهِ صَبْرًا ؕ ﴿٨٢﴾ وَیَسْـَٔلُوْنَكَ

جس پر آپ سے صبر نہ ہو سکا اور تم سے ذوالقرنین

عَنْ ذِی الْقَرْنَیْنِ ؕ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَیْكُمْ

کو یہ لو پوچھتے ہیں تم فرماؤ میں تمھیں اس کا مذکور پڑھ کر

مِّنْهُ ذِكْرًا ؕ﴿۸۳﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِی الْاَرْضِ

سُناتا ہوں بیشک ہم نے اسے زمین میں قابو دیا

وَ اٰتَیْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ سَبَبًا ۙ﴿۸۴﴾ فَاَتْبَعَ

اور ہر چیز کا ایک سامان عطا فرمایا تو وہ ایک سامان

سَبَبًا ﴿۸۵﴾ حَتّٰۤی اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ

کے پیچھے چلا یہاں تک کہ جب سورج ڈوبنے کی جگہ پہنچا

وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِیْ عَیْنٍ حَمِئَةٍ وَّ

اسے ایک سیاہ کیچڑ کے چشمے میں ڈوبتا پایا اور

وَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ؕ۬ قُلْنَا یٰذَا الْقَرْنَیْنِ

وہاں ایک قوم ملی ہم نے فرمایا اے ذوالقرنین

اِمَّاۤ اَنْ تُعَذِّبَ وَ اِمَّاۤ اَنْ تَتَّخِذَ فِیْهِمْ

یا تو تو انھیں عذاب دے یا ان کے ساتھ بھلائی اختیار

حُسْنًا ﴿۸۶﴾ قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ

کرے عرض کی کہ وہ جس نے ظلم کیا اسے تو ہم

نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ

عنقریب سزا دیں گے پھر اپنے رب کی طرف پھیرا جائے گا وہ

عَذَابًا نُّكْرًا ﴿۸۷﴾ وَ اَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَ

اسے بُری مار دے گا اور جو ایمان لایا اور نیک

عَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ِۨالْحُسْنٰى ۚ

کام کیا تو اس کا بدلہ بھلائی ہے

وَ سَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿۸۸﴾ ثُمَّ

اور عنقریب ہم اسے آسان کام کہیں گے پھر

اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۹﴾ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ

ایک سامان کے پیچھے چلا یہاں تک کہ جب سورج نکلنے کی

الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ

جگہ پہنچا اسے ایسی قوم پر نکلتا پایا جن کے لیے

نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿۹۰﴾ كَذٰلِكَ ؕ

ہم نے سورج سے کوئی آڑ نہیں رکھی بات یہی ہے

وَ قَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿۹۱﴾ ثُمَّ

اور جو کچھ اس کے پاس تھا سب کو ہمارا علم محیط ہے پھر

اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۹۲﴾ حَتّٰۤی اِذَا بَلَغَ بَیْنَ السَّدَّیْنِ

ایک سامان کے پیچھے چلا یہاں تک کہ جب دو پہاڑوں کے بیچ پہنچا

وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا یَكَادُوْنَ

ان سے ادھر کچھ ایسے لوگ پاؤ گے کہ کوئی بات سمجھتے

یَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿۹۳﴾ قَالُوْا یٰذَا الْقَرْنَیْنِ

معلوم نہ ہوتے تھے انھوں نے کہا اے ذوالقرنین

اِنَّ یَاْجُوْجَ وَ مَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِی

بے شک یاجوج ماجوج زمین میں فساد

الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰۤی

مچاتے ہیں تو کیا ہم آپ کے لیے کچھ مال مقرر کر دیں

اَنْ تَجْعَلَ بَیْنَنَا وَ بَیْنَهُمْ سَدًّا ﴿۹۴﴾ قَالَ

اس پر کہ آپ ہم میں اور ان میں ایک دیوار بنا دیں کہا

مَا مَكَّنِّیْ فِیْهِ رَبِّیْ خَیْرٌ فَاَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّةٍ

وہ جس پر مجھے میرے رب نے قابو دیا ہے بہتر ہے تو میری مدد طاقت سے کرو

اَجْعَلْ بَیْنَكُمْ وَ بَیْنَهُمْ رَدْمًا ۙ ﴿۹۵﴾ اٰتُوْنِیْ

میں تم میں اور ان میں ایک مضبوط آڑ بنا دوں میرے پاس

زُبَرَ الْحَدِيْدِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ

لوہے کے تختے لاؤ یہاں تک کہ وہ جب دیوار دونوں پہاڑوں کے

الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا

کناروں سے برابر کردی کہا دھونکو یہاں تک کہ جب

جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ

اُسے آگ کر دیا کہا لاؤ میں اس پر گلا ہُوا تانبہ انڈیل

قِطْرًا ۭ ﴿۹۶﴾ فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ

دوں تو یاجوج و ماجوج اس پر نہ چڑھ

وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿۹۷﴾ قَالَ هٰذَا

سکے اور نہ اس میں سوراخ کر سکے کہا یہ میرے

رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَاۗءَ وَعْدُ رَبِّيْ

رب کی رحمت ہے پھر جب میرے رب کا وعدہ

جَعَلَهٗ دَكَّاۗءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ﴿۹۸﴾ ط

آئے گا اسے پاش پاش کردے گا اور میرے رب کا وعدہ سچا ہے

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَىِٕذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ

اور اس دن ہم انھیں چھوڑ دیں گے کہ ان کا ایک گروہ دوسرے پر

وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿۹۹﴾

ریلا آوے گا اور صور پھونکا جائے گا تو ہم سب کو اکٹھا کر لائیں گے

وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ

اور ہم اس دن جہنم کافروں کے سامنے

عَرْضَا ﴿۱۰۰﴾ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ

لائیں گے وہ جن کی آنکھوں پر میری فریاد

غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

سے پردہ پڑا تھا اور حق بات سن نہ سکتے

سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ

تھے تو کیا کافر یہ سمجھتے ہیں کہ میرے

يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ

بندوں کو میرے سوا حمایتی بنا لیں گے

اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾

بے شک ہم نے کافروں کی مہمانی کو جہنم تیار کر رکھی ہے

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾

تم فرماؤ کیا ہم تمہیں بتا دیں کہ سب سے بڑھ کر ناقص عمل کن کے ہیں

الَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ

ان کے جن کی ساری کوشش دُنیا کی زندگی

الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ

میں گم گئی اور وہ اس خیال میں ہیں کہ ہم اچھا کام کر

صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ

رہے ہیں یہ لوگ جنھوں نے اپنے رب کی آیتیں اور

رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ

اس کا ملنا نہ مانا تو ان کا کیا دھرا سب اکارت ہے

فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾

تو ہم ان کے لیے قیامت کے دن کوئی تول نہ قائم کریں گے

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا

یہ ان کا بدلہ ہے جہنم اس پر کہ انھوں نے کفر کیا

وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ

اور میری آیتوں اور میرے رسولوں کی ہنسی بنائی بے شک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ

جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے فردوس کے

لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِيْنَ

باغ ان کی مہمانی ہے وہ ہمیشہ ان ہی

فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ

میں رہیں گے ان سے جگہ بدلنا نہ چاہیں گے تم فرما دو اگر

الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ

سمندر میرے رب کی باتوں کے لیے سیاہی ہو تو ضرور سمندر ختم ہو جائے گا

قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ

اور میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں گی اگرچہ ہم ویسا ہی اور اس کی مدد کو

مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰۤى

لے آئیں تم فرماؤ ظاہر صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی

اِلَيَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ

آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے تو جسے اپنے

يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا

رب سے ملنے کی امید ہو اسے چاہیے کہ نیک کام کرے

وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع

اور اپنے رب کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ سجدہ مکہ میں نازل ہوئی اس میں تیس آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

الٓمّٓ ۚ ۝١ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ

الم کتاب کا اتارنا بے شک پروردگار عالم

مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٢ اَمْ يَقُوْلُوْنَ

کی طرف سے ہے کیا کہتے ہیں ان کی بنائی

افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ

ہوئی ہے بلکہ وہی حق ہے تمہارے رب کی طرف

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

سے کہ تم ڈراؤ ایسے لوگوں کو جن کے پاس تم سے

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝٣ اَللّٰهُ

پہلے کوئی ڈر سنانے والا نہ آیا اس امید پر کہ وہ راہ پائیں اللہ

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا

ہے جس نے آسمان اور زمین اور جو کچھ

بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

ان کے بیچ میں ہے چھ دن میں بنائے پھر عرش

عَلَى الْعَرْشِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ

پر استوا فرمایا اس سے چھوٹ کر تمہارا کوئی

وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴﴾

حمایتی اور نہ سفارشی تو کیا تم دھیان نہیں کرتے

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ

کام کی تدبیر فرماتا ہے آسمان سے زمین تک

ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗۤ

پھر اسی کی طرف رجوع کرے گا اس دن کہ جس کی مقدار

اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۵﴾ ذٰلِكَ

ہزار برس ہے تمہاری گنتی میں یہ ہے

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ

ہر نہاں اور عیاں کا جاننے والا عزت و

الرَّحِيْمُ ﴿۶﴾ الَّذِيْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ

رحمت والا وہ جس نے جو چیز بنائی خوب

خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ﴿٧﴾ ج

بنائی اور پیدائش انسان کی ابتداء مٹی سے فرمائی

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ

پھر اس کی نسل رکھی ایک بے قدر پانی کے خلاصہ

مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿٨﴾ ج ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ

سے پھر اسے ٹھیک کیا اور اس میں اپنی طرف

مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ

کی روح پھونکی اور تمہیں کان اور آنکھیں

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا

اور دل عطا فرمائے کیا ہی تھوڑا

تَشْكُرُوْنَ ﴿٩﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي

حق مانتے ہو اور بولے کیا جب ہم مٹی میں

الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ بَلْ

رل جائیں گے کیا پھر نئے بنیں گے بلکہ وہ

هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ﴿١٠﴾ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ

اپنے رب کے حضور حاضری سے منکر ہیں تم فرماؤ تمہیں وفات

مَلَكُ الْمَوْتِ الَّذِیْ وُكِّلَ بِكُمْ

دیتا ہے موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر ہے

ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَلَوْ تَرٰۤى ع

پھر اپنے رب کی طرف واپس جاؤ گے اور کہیں تم دیکھو

اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ

جب مجرم اپنے رب کے پاس سر نیچے ڈالے ہوں

رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَاۤ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا

گے اے ہمارے رب اب ہم نے دیکھا اور سنا ہمیں پھر بھیج

نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا

کہ نیک کام کریں ہم کو یقین آگیا اور اگر ہم چاہتے

لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ

ہر جان کو اس کی ہدایت فرماتے مگر میری بات قرار

الْقَوْلُ مِنِّیْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ

پا چکی کہ ضرور جہنم کو بھر دوں گا

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا

ان جنوں اور آدمیوں سب سے اب چکھو بدلہ

بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا

اُس کا کہ تم اپنے اس دن کی حاضری بھولے تھے ہم نے

نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا

تمہیں چھوڑ دیا اب ہمیشہ کا عذاب چکھو اپنے

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۱۴ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا

کئے کا بدلہ ہماری آیتوں پر وہی ایمان لاتے

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا

ہیں کہ جب وہ انہیں یاد دلائی جاتی ہیں سجدہ میں

وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ

گر جاتے ہیں اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے اس کی پاکی

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝۱۵ السجدة تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ

بولتے ہیں اور تکبر نہیں کرتے ان کی کروٹیں جدا ہوتی ہیں

الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّ

خوابگاہوں سے اور اپنے رب کو پکارتے ہیں ڈرتے اور

طَمَعًا ۙ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝۱۶ فَلَا

اُمید کرتے اور ہمارے دیئے ہوئے سے کچھ خیرات کرتے ہیں تو کسی

تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ

جی کو نہیں معلوم جو جو آنکھ کی ٹھنڈک ان کے لیے چھپا

اَعْیُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾

رکھی ہے صلہ ان کے کاموں کا

اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ

تو کیا جو ایمان والا ہے وہ اس جیسا ہو جائیگا جو بے حکم ہے

لَا یَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ

یہ برابر نہیں جو لوگ ایمان لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰی ز

اچھے کام کئے ان کے لئے بسنے کے باغ ہیں ان

نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ اَمَّا الَّذِیْنَ

کے کاموں کے صلہ میں مہمانداری رہے وہ جو بے حکم

فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا

ہیں ان کا ٹھکانا آگ ہے جب کبھی اس میں

اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِیْدُوْا فِیْهَا

سے نکلنا چاہیں گے پھر اسی میں پھیر دیئے جائیں گے

وقف غفران

وقف غفران

وَقِيلَ لَهُمْ ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّذِي

اور ان سے کہا جائے گا چکھو اس آگ کا عذاب جسے

كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ﴿٢٠﴾ وَلَنُذِيقَنَّهُم

تم جھٹلاتے تھے اور ضرور ہم انھیں چکھائیں

مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ

گے کچھ نزدیک کا عذاب اس بڑے عذاب سے

الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٢١﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ

پہلے جسے دیکھنے والا امید کرے کہ ابھی باز آئیں گے اور اس سے بڑھ کر ظالم

مِمَّن ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ

کون جسے اس کے رب کی آیتوں سے نصیحت کی گئی پھر اس نے اُن سے منہ

ع ۱ ۱۵ عَنْهَا ۚ إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنتَقِمُونَ ﴿٢٢﴾

پھیر لیا بے شک ہم مجرموں سے بدلہ لینے والے ہیں

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَلَا تَكُن

اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا فرمائی تو تم اس کے

فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَائِهِ ۖ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى

ملنے میں شک نہ کرو اور ہم نے

لِّبَنِیٓ اِسۡرَآءِیۡلَ ۚ﴿۲۳﴾ وَجَعَلۡنَا مِنۡهُمۡ

اسے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت کیا اور ہم نے ان میں سے

اَئِمَّةً یَّهۡدُوۡنَ بِاَمۡرِنَا لَمَّا صَبَرُوۡا ؕ۟ وقف

کچھ امام بنائے کہ ہمارے حکم سے بتاتے جبکہ انھوں نے صبر کیا

وَكَانُوۡا بِاٰیٰتِنَا یُوۡقِنُوۡنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ رَبَّكَ

اور وہ ہماری آیتوں پر یقین لاتے تھے بے شک تمہارا رب

هُوَ یَفۡصِلُ بَیۡنَهُمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ

ان میں فیصلہ کردے گا قیامت کے دن جس بات

فِیۡمَا كَانُوۡا فِیۡهِ یَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۲۵﴾ اَوَلَمۡ

میں اختلاف کرتے تھے اور کیا انھیں

یَهۡدِ لَهُمۡ كَمۡ اَهۡلَكۡنَا مِنۡ قَبۡلِهِمۡ

اس پر ہدایت نہ ہوئی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی سنگتیں

مِّنَ الۡقُرُوۡنِ یَمۡشُوۡنَ فِیۡ مَسٰكِنِهِمۡ ؕ

ہلاک کردیں کہ آج یہ ان کے گھروں میں چل پھر رہے ہیں

اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ ؕ اَفَلَا یَسۡمَعُوۡنَ ﴿۲۶﴾

بے شک اس میں ضرور نشانیاں ہیں تو کیا سنتے نہیں

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ

اور کیا نہیں دیکھتے کہ ہم پانی بھیجتے ہیں خشک زمین

الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ

کی طرف پھر اس سے کھیتی نکالتے ہیں کہ اس میں سے ان کے

اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾

چوپائے اور وہ خود کھاتے ہیں تو کیا انھیں سوجھتا نہیں

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ

اور کہتے ہیں یہ فیصلہ کب ہوگا اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ

سچے ہو تم فرماؤ فیصلہ کے دن کافروں کو

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ

ان کا ایمان لانا نفع نہ دے گا اور نہ انھیں

يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ

مہلت ملے تو ان سے منہ پھیر لو اور انتظار کرو

اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع

بے شک انھیں بھی انتظار کرنا ہے

سُوْرَةُ یٰسٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ یٰسٓ مکہ میں نازل ہوئی اس میں تراسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

يٰسٓ ﴿١﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿٢﴾ اِنَّكَ

یٰسٓ حکمت والے قرآن کی قسم بے شک

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣﴾ عَلٰى صِرَاطٍ

تم بھیجے سیدھی راہ پر

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٤﴾ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٥﴾

گئے ہو عزت والے مہربان کا اتارا ہوا

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ

تاکہ تم اس قوم کو ڈر سناؤ جس کے باپ دادا نہ ڈرائے گئے تو وہ

غٰفِلُوْنَ ﴿٦﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى

بے خبر ہیں بے شک ان میں اکثر پر بات ثابت

اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٧﴾ اِنَّا

ہو چکی ہے تو وہ ایمان نہ لائیں گے ہم نے

جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى

ان کی گردنوں میں طوق کر دیئے ہیں کہ وہ ٹھوڑیوں

الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝٨ وَجَعَلْنَا

تک ہیں تو یہ اوپر کو منہ اٹھائے رہ گئے اور ہم نے

مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ

ان کے آگے دیوار بنا دی اور ان کے پیچھے

خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا

ایک دیوار اور انہیں اوپر سے ڈھانک دیا تو انہیں

يُبْصِرُوْنَ ۝٩ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ

کچھ نہیں سوجھتا اور انہیں ایک سا ہے تم انہیں ڈراؤ

اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝١٠ اِنَّمَا

یا نہ ڈراؤ وہ ایمان لانے کے نہیں تم تو

تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ

اسی کو ڈر سناتے ہو جو نصیحت پر چلے اور رحمٰن سے بے دیکھے

بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝١١

ڈرے تو اسے بخشش اور عزت کے ثواب کی بشارت دو

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا

بے شک ہم مُردوں کو جلائیں گے اور ہم لکھ رہے ہیں جو

قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ

وقف غفران

انھوں نے آگے بھیجا اور جو نشانیاں پیچھے چھوڑ گئے اور ہر چیز ہم نے گِن

فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا

ع ۲

رکھی ہے ایک بتانے والی کتاب میں اور ان سے نشانیاں بیان کرو

اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَاۗءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ ج

وقف لازم

اُس شہر والوں کی جب اُن کے پاس فرستادے آئے

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا

جب ہم نے ان کی طرف دو بھیجے پھر انھوں نے ان کو

فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ

جھٹلایا تو ہم نے تیسرے سے زور دیا اب ان سب نے کہا کہ بیشک ہم تمھاری طرف

مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ

بھیجے گئے ہیں بولے تم تو نہیں مگر ہم جیسے

مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ

آدمی اور رحمٰن نے کچھ نہیں اُتارا

إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ﴿١٥﴾ قَالُوا رَبُّنَا

تم نرے جھوٹے ہو وہ بولے ہمارا رب

يَعْلَمُ إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ﴿١٦﴾ وَمَا

جانتا ہے کہ بیشک ضرور ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں اور ہمارے

عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ﴿١٧﴾ قَالُوا

ذمہ نہیں مگر صاف پہنچا دینا بولے ہم

إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَمْ تَنْتَهُوا

تمھیں منحوس سمجھتے ہیں بیشک اگر تم باز نہ آئے

لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِنَّا عَذَابٌ

تو ضرور ہم تمھیں سنگسار کریں گے اور بیشک ہمارے ہاتھوں تم پر دکھ کی مار

أَلِيمٌ ﴿١٨﴾ قَالُوا طَائِرُكُمْ مَعَكُمْ ۚ أَئِنْ

پڑے گی انھوں نے فرمایا تمہاری نحوست تو تمہارے ساتھ ہے کیا اس پر

ذُكِّرْتُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ مُسْرِفُونَ ﴿١٩﴾

بدکتے ہو کہ تم سمجھائے گئے بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو

وَجَاءَ مِنْ أَقْصَا الْمَدِينَةِ رَجُلٌ يَسْعَىٰ

اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک مرد دوڑتا آیا

قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٠﴾ اتَّبِعُوْا

بولا اے میری قوم بھیجے ہوؤں کی پیروی کرو ایسوں کی پیروی

مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ

کرو جو تم سے کچھ نیگ نہیں مانگتے اور وہ

مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢١﴾ وَمَا لِيَ لَاۤ اَعْبُدُ الَّذِيْ

راہ پر ہیں اور مجھے کیا ہے کہ اس کی بندگی نہ کروں

فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٢﴾ ءَاَتَّخِذُ

جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف تمہیں پلٹنا ہے کیا اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ

اور خدا ٹھہراؤں کہ اگر رحمٰن میرا کچھ برا چاہے

بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا

تو ان کی سفارش میرے کچھ کام نہ آئے

وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّيْۤ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ

اور نہ وہ مجھے بچا سکیں بے شک جب تو میں کھلی گمراہی

مُّبِيْنٍ ﴿٢٤﴾ اِنِّيْۤ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿٢٥﴾

میں ہوں بیشک میں تمہارے رب پر ایمان لایا تو میری سنو

قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ

اس سے فرمایا گیا کہ جنت میں داخل ہو کہا کسی طرح میری

قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۲٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ

قوم جانتی جیسی میرے رب نے میری مغفرت کی

وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا

اور مجھے عزت والوں میں کیا اور ہم نے اسکے بعد

عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ

اس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر نہ

السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ

اُتارا اور نہ ہمیں کوئی لشکر اتارنا تھا وہ تو بس

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

ایک ہی چیخ تھی جبھی وہ بجھ کر

خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ

رہ گئے اور کہا گیا کہ ہائے افسوس ان بندوں پر

مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

جب ان کے پاس کوئی رسول آتا ہے تو اس سے ٹھٹھا

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا

ہی کرتے ہیں کیا انھوں نے دیکھا ہم نے ان سے

قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ

پہلے کتنی سنگتیں ہلاک فرمائیں کہ وہ اب ان کی طرف

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ

پلٹنے والے نہیں اور جتنے بھی ہیں سب کے سب ہمارے

لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ ع وَاٰيَةٌ لَّهُمُ

حضور حاضر لائے جائیں گے اور ان کے لیے ایک نشانی

الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا

مُردہ زمین ہے ہم نے اسے زندہ کیا اور پھر اس

مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا

سے اناج نکالا تو اس میں سے کھاتے ہیں اور ہم نے اس

فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ

میں باغ بنائے کھجوروں اور انگوروں کے

وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا

اور ہم نے اس میں سے کچھ چشمے بہائے کہ اسکے پھلوں

مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ

یں سے کھائیں اور یہ ان کے ہاتھ کے بنائے نہیں

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ

تو کیا حق نہ مانیں گے پاکی ہے اُسے جس نے سب

خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ

جوڑے بنائے ان چیزوں سے جنھیں زمین

الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا

اُگاتی ہے اور خود ان سے اور ان چیزوں سے جن کی انھیں

يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚۖ نَسْلَخُ

خبر نہیں اور اُن کے لیے ایک نشانی رات ہے ہم اس پر

مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ۙ ﴿۳۷﴾

سے دن کھینچ لیتے ہیں جبھی وہ اندھیروں میں ہیں

وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ

اور سورج چلتا ہے اپنے ایک ٹھہراؤ کے لیے یہ حکم

تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ

ہے زبردست علم والے کا اور چاند کیلئے ہم نے

مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ﴿۳۹﴾

منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ پھر ہو گیا جیسے کھجور کی پرانی ڈال

لَا الشَّمْسُ یَنْۢبَغِیْ لَهَاۤ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ

سورج کو نہیں پہنچتا کہ چاند کو پکڑ لے

وَ لَا الَّیْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَ كُلٌّ فِیْ

اور نہ رات دن پر سبقت لے جائے اور ہر ایک، ایک

فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَ اٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا

گھیرے میں پیر رہا ہے اور ان کے لیے ایک نشانی

حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ فِی الْفُلْكِ

یہ ہے کہ انھیں ان کے بزرگوں کی پیٹھ میں ہم نے

الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ لا وَ خَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ

بھری کشتی میں سوار کیا اور ان کے لیے ویسی ہی کشتیاں

مِّثْلِهٖ مَا یَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَ اِنْ نَّشَاْ

بنا دیں جن پر سوار ہوتے ہیں اور ہم چاہیں تو انھیں

نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِیْخَ لَهُمْ وَ لَا هُمْ

ڈبو دیں تو نہ کوئی ان کی فریاد کو پہنچنے والا ہو اور نہ وہ

يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ إِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا

بچائے جائیں مگر ہماری طرف کی رحمت اور ایک وقت

إِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ وَإِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا

تک برتنے دینا اور جب ان سے فرمایا جاتا ہے ڈرو تم

مَا بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ

اس سے جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے آنے والا ہے

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَأْتِيْهِمْ

اس امید پر کہ تم پر مہر ہو منہ پھیر لیتے ہیں اور جب کبھی ان کے رب کی نشانیوں

مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيٰتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوْا

سے کوئی نشانی ان کے پاس آتی ہے تو

عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ

اس سے منہ ہی پھیر لیتے ہیں اور جب ان سے فرمایا جائے اللہ

أَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ الَّذِيْنَ

کے دیئے میں سے کچھ اس کی راہ میں خرچ کرو تو کافر مسلمانوں

كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنُطْعِمُ مَنْ

کے لیے کہتے ہیں کہ کیا ہم اسے کھلائیں جسے

لَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ قصلے اِنْ اَنْتُمْ

اللہ چاہتا تو کھلا دیتا تم تو نہیں

اِلَّا فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى

مگر کھلی گمراہی میں اور کہتے ہیں کب آئے گا

هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾

یہ وعدہ اگر تم سچے ہو

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

راہ نہیں دیکھتے مگر ایک چیخ کی کہ انھیں

تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا

آ لے گی جب وہ دُنیا کے جھگڑے میں پھنسے ہوں گے تو نہ

يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ

وصیّت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر پلٹ

يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا

کر جائیں اور پھونکا جائے گا صُور جبھی

هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

وہ قبروں سے اپنے رب کی طرف دوڑتے چلیں گے

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜسکتة

کہیں گے ہائے ہماری خرابی کس نے ہمیں سوتے سے جگا دیا

هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ

یہ ہے وہ جس کا رحمٰن نے وعدہ دیا تھا اور رسولوں

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً

نے حق فرمایا وہ تو نہ ہوگی مگر ایک چنگھاڑ

وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا

جبھی وہ سب کے سب ہمارے حضور

مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ

حاضر ہو جائیں گے تو آج کسی جان پر کچھ ظلم نہ

شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ

ہوگا اور تمہیں بدلا نہ ملے گا مگر اپنے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ

کیے کا بے شک جنت والے آج

الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَ

دل کے بہلاووں میں چین کرتے ہیں وہ اور

أَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَٰلٍ عَلَى الْأَرَآئِكِ

ان کی بیبیاں سایوں میں ہیں تختوں پر تکیہ

مُتَّكِـُٔونَ ﴿٥٦﴾ لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ

لگاتے ان کے لیے اس میں میوہ ہے اور ان کے لیے

مَّا يَدَّعُونَ ﴿٥٧﴾ صلے ج سَلَٰمٌ قف قَوْلًا مِّن رَّبٍّ

ہے اس میں جو مانگیں ان پر سلام ہوگا مہربان رب کا

رَّحِيمٍ ﴿٥٨﴾ وَامْتَٰزُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا

فرمایا ہوا اور آج الگ پھٹ جاؤ

الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٩﴾ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ

اے مجرمو! اے اولادِ آدم کیا میں نے

يَٰبَنِي آدَمَ أَن لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطَٰنَ ج

تم سے عہد نہ لیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا

إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿٦٠﴾ لا وَّأَنِ

بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے اور میری

اعْبُدُونِي ط هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾ وقف غفران

بندگی کرنا یہ سیدھی راہ ہے

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ

اور بے شک اس نے تم میں سے بہت سی خلقت کو بہکا دیا

اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ

تو کیا تمھیں عقل نہ تھی یہ ہے وہ جہنم

الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اِصْلَوْهَا

جس کا تم سے وعدہ تھا آج اسی

الْیَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْیَوْمَ

میں جاؤ بدلہ اپنے کفر کا آج ہم ان کے

نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَاۤ اَیْدِیْهِمْ

مونہوں پر مہر کر دیں گے اور ان کے ہاتھ ہم سے بات کریں گے

وَ تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾

اور ان کے پاؤں ان کے کیے کی گواہی دیں گے

وَ لَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰۤى اَعْیُنِهِمْ

اور اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں مٹا دیتے

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى یُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾

پھر لپک کر رستہ کی طرف جاتے تو انھیں کچھ نہ سوجھتا

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ

اور اگر ہم چاہتے تو ان کے گھر بیٹھے ان کی صورتیں

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾ ع

بدل دیتے نہ آگے بڑھ سکتے نہ پیچھے لوٹتے

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ط

اور جسے ہم بڑی عمر کا کریں اسے پیدائش میں اُلٹا پھیریں

اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ

تو کیا سمجھتے نہیں اور ہم نے ان کو شعر کہنا نہ سکھایا

وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ط اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ

اور نہ وہ ان کی شان کے لائق ہے وہ تو نہیں مگر نصیحت اور

قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶۹﴾ لا لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا

روشن قرآن کہ اسے ڈرائے جو زندہ ہو

وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ

اور کافروں پر بات ثابت ہو جائے کیا

يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ

انھوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے چوپائے

أَيْدِينَآ أَنْعَٰمًا فَهُمْ لَهَا مَٰلِكُونَ ﴿٧١﴾

ان کے لیے پیدا کئے تو یہ ان کے مالک ہیں

وَذَلَّلْنَٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ

اور انھیں ان کے لئے نرم کر دیا تو کسی پر سوار ہوتے ہیں

وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيهَا

اور کسی کو کھاتے ہیں اور ان کیلئے ان میں کئی طرح

مَنَٰفِعُ وَمَشَارِبُ ۚ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾

کے نفع اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا شکر نہ کریں گے

وَٱتَّخَذُوا۟ مِن دُونِ ٱللَّهِ ءَالِهَةً

اور انھوں نے اللہ کے سوا اور خدا ٹھہرا لئے

لَّعَلَّهُمْ يُنصَرُونَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيعُونَ

کہ شاید ان کی مدد ہو وہ ان کی مدد نہیں

نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُندٌ مُّحْضَرُونَ ﴿٧٥﴾

کر سکتے اور وہ ان کے لشکر سب گرفتار حاضر آئیں گے

فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّا نَعْلَمُ مَا

تو تم ان کی بات کا غم نہ کرو بیشک ہم جانتے ہیں جو وہ

يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَمْ

چھپاتے ہیں اور ظاہر کرتے ہیں ۔ اور کیا

يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ

آدمی نے نہ دیکھا کہ ہم نے اسے پانی کی بوند سے بنایا

فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ

جبھی وہ صریح جھگڑالو ہے اور ہمارے

لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ

لئے کہاوت کہتا ہے اور اپنی پیدائش بھول گیا۔ بولا ایسا کون

يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ

ہے کہ ہڈیوں کو زندہ کرے جب وہ بالکل گل گئیں تم فرماؤ

يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ

انھیں وہ زندہ کرے گا جس نے پہلی بار انھیں بنایا

وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ﴿٧٩﴾ لا الَّذِيْ

اور اسے ہر پیدائش کا علم ہے جس نے

جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ

تمھارے لیے ہرے پیڑ میں سے آگ پیدا کی

نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾

جبھی تم اس سے سُلگاتے ہو

اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اور کیا وہ جس نے آسمان اور زمین بنائے

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ط

ان جیسے اور نہیں بنا سکتا

بَلٰى ق وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۱﴾

کیوں نہیں اور وہی ہے بڑا پیدا کرنے والا سب کچھ جانتا

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ

اس کا کام تو یہی ہے۔ کہ جب کسی چیز کو چاہے تو

يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ

اس سے فرمائے ہو جا وہ فوراً ہو جاتی ہے تو پاکی ہے

الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّ

اُسے جس کے ہاتھ ہر چیز کا قبضہ ہے اور

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع

اسی کی طرف پھیرے جاؤ گے

ع ۵ / ۱۶

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَّدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مدینہ میں نازل ہوئی اس میں اڑتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ

جنھوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے

اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ① وَالَّذِيْنَ

روکا اللہ نے ان کے عمل برباد کئے اور ایمان

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا

لائے اور اچھے کام کئے اور اس پر ایمان

بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ

لائے جو محمدؐ پر اتارا گیا اور وہی ان کے

مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ

رب کے پاس سے حق ہے اللہ نے ان کی برائیاں اتار دیں

وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ② ذٰلِكَ بِاَنَّ

اور ان کی حالتیں سنوار دیں یہ اس لئے کہ

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ

کافر باطل کے پیرو ہوئے

وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ

اور ایمان والوں نے حق کی پیروی کی جو ان کے رب

مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ

کی طرف سے ہے اللہ لوگوں سے ان کے احوال یونہی

لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝۳ فَاِذَا لَقِيْتُمُ

بیان فرماتا ہے تو جب کافروں سے تمہارا

الَّذِيْنَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ۭ

سامنا ہو تو گردنیں مارنا ہے

حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا

یہاں تک کہ جب انہیں خوب قتل کرلو تو مضبوط

الْوَثَاقَ ۤۙ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاۗءً

باندھو پھر اس کے بعد چاہے احسان کرکے چھوڑ دو چاہے فدیہ لے لو

حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ڗ ۵ؔ

یہاں تک کہ لڑائی اپنا بوجھ رکھ دے

معانقہ ١٣ وقف بینہ القولہ ذالک ولکن حسن الضالہ بما قبلہ ویوقف علی ذالک ط

ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ

بات یہ ہے اور اللہ چاہتا تو آپ ہی ان سے بدلہ

مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا بَعْضَكُمْ

لیتا مگر اس لیے کہ تم میں ایک دوسرے

بِبَعْضٍ ۗ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ

سے جانچے اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے

اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝۴

اللہ ہرگز ان کے عمل ضائع نہ فرمائے گا

سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝۵ ج

جلد انھیں راہ دے گا اور ان کا کام بنا دے گا

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝۶

اور انھیں جنّت میں لے جائے گا انھیں اسکی پہچان کرا دی ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ

اے ایمان والو اگر تم دین خدا کی مدد کرو گے اللہ

يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝۷

تمھاری مدد کرے گا اور تمھارے قدم جما دے گا

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَ
اور جنھوں نے کفر کیا تو ان پر تباہی پڑے اور
اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۸﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
اللہ ان کے اعمال برباد کرے یہ اس لیے کہ انھیں
كَرِهُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ
ناگوار ہوا جو اللہ نے اتارا تو اللہ نے ان کا
اَعْمَالَهُمْ ﴿۹﴾ اَفَلَمْ یَسِیْرُوْا فِی
کیا دھرا اکارت کیا تو کیا انھوں نے زمین میں
الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ
سفر نہ کیا کہ دیکھتے ان سے اگلوں کا
عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ دَمَّرَ
کیسا انجام ہوا اللہ نے ان پر تباہی
اللّٰهُ عَلَیْهِمْ ز وَ لِلْكٰفِرِیْنَ اَمْثَالُهَا ﴿۱۰﴾
ڈالی اور ان کافروں کے لئے بھی ویسی کتنی ہی ہیں
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
یہ اس لئے کہ مسلمانوں کا مولی اللہ ہے

وَ اَنَّ الْكٰفِرِیْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿۱۱﴾ ع

اور کافروں کا کوئی مولیٰ نہیں

اِنَّ اللّٰهَ یُدْخِلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

بے شک اللہ داخل فرمائے گا انھیں جو ایمان لائے

وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ

اور اچھے کام کئے باغوں میں جن کے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُؕ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا

نیچے نہریں رواں اور کافر برتتے ہیں

یَتَمَتَّعُوْنَ وَ یَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ

اور کھاتے ہیں جیسے چوپائے

الْاَنْعَامُ وَ النَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾ وَ

کھائیں اور آگ میں ان کا ٹھکانا ہے اور

كَاَیِّنْ مِّنْ قَرْیَةٍ هِیَ اَشَدُّ قُوَّةً

کتنے ہی شہر کہ اس شہر سے قوت میں زیادہ

مِّنْ قَرْیَتِكَ الَّتِیْۤ اَخْرَجَتْكَ ع

تھے جس نے تمھیں تمھارے شہر سے باہر کیا

أَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾ أَفَمَنْ

ہم نے انھیں ہلاک فرمایا تو ان کا کوئی مددگار نہیں تو کیا جو اپنے

كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ

رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہو اُس جیسا ہوگا

زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا

جس کے بُرے عمل اسے بھلے دکھائے گئے اور وہ اپنی

أَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ

خواہشوں کے پیچھے چلے احوال اس جنّت کا جس کا

وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ أَنْهٰرٌ مِّنْ

وعدہ پرہیزگاروں سے ہے اُس میں ایسی پانی کی

مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَأَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ

نہریں ہیں جو کبھی نہ بگڑے اور ایسے دُودھ کی نہریں

لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَأَنْهٰرٌ مِّنْ

ہیں جس کا مزہ نہ بدلا اور ایسی شراب

خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ۵ وَأَنْهٰرٌ

کی نہریں ہیں جس کے پینے میں لذّت ہے اور ایسی

مِّنۡ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَ لَهُمۡ فِيۡهَا مِنۡ

شہد کی نہریں ہیں جو صاف کیا گیا اور ان کے لئے اس میں

كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ مَغۡفِرَةٌ مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ؕ

ہر قسم کے پھل ہیں اور اپنے رب کی مغفرت

كَمَنۡ هُوَ خَالِدٌ فِى النَّارِ وَ سُقُوۡا

کیا ایسے چین والے انکے برابر ہو جائیں گے جنھیں ہمیشہ آگ میں رہنا اور

مَآءً حَمِيۡمًا فَقَطَّعَ اَمۡعَآءَهُمۡ ﴿۱۵﴾

انھیں کھولتا ہُوا پانی پلایا جائے کہ آنتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے

وَ مِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّسۡتَمِعُ اِلَيۡكَ ۚ حَتّٰٓى

اور ان میں سے بعض تمھارے ارشاد سُنتے ہیں۔ یہاں تک

اِذَا خَرَجُوۡا مِنۡ عِنۡدِكَ قَالُوۡا لِلَّذِيۡنَ

کہ جب تمھارے پاس سے نکل کر جائیں علم والوں سے کہتے

اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۘ اُولٰٓئِكَ

ہیں ابھی انھوں نے کیا فرمایا یہ ہیں وہ

الَّذِيۡنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ وَ اتَّبَعُوۡۤا

جن کے دلوں پر اللہ نے مہر کر دی اور اپنی خواہشوں

اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ

کے تابع ہوئے اور جنھوں نے راہ پائی اللہ نے ان کی

هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ

ہدایت اور زیادہ فرمائی اور ان کی پرہیزگاری انھیں عطا فرمائی تو کاہے کے

يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ

انتظار میں ہیں مگر قیامت کے کہ ان پر اچانک

بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى

آجائے کہ اس کی علامتیں تو آ ہی چکی ہیں پھر جب

لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ

وہ آجائے گی تو کہاں وہ اور کہاں ان کا سمجھنا تو جان لو کہ

اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ

اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہیں اور اے محبوب اپنے خاصوں

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگو اور اللہ جانتا ہے

مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ ع وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ

دن کو تمہارا پھرنا اور رات کو تمہارا آرام لینا اور مسلمان کہتے ہیں کہ کوئی

اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ

سورت کیوں نہ اتاری گئی پھر جب کوئی پختہ

سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ

سورت اتاری گئی اور اس میں جہاد کا حکم فرمایا گیا

رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ

تو تم دیکھو گے انھیں جن کے دلوں میں بیماری ہے تو تمھاری طرف

اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ

اس کا دیکھنا دیکھتے ہیں جس پر مُردنی چھائی ہو تو تو ان کے

الْمَوْتِ ۭ فَاَوْلٰى لَهُمْ ۚ ﴿۲۰﴾ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ

حق میں بہتر یہ تھا کہ فرمانبرداری کرتے اور اچھی بات کہتے

مَّعْرُوْفٌ ۣ فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۣ فَلَوْ صَدَقُوا

پھر جب حکم ناطق ہو تو اگر اللہ سے سچے

اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ ﴿۲۱﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ

رہتے تو ان کا بھلا تھا تو کیا تمھارے یہ لچھن

اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ

نظر آتے ہیں کہ اگر تمھیں حکومت ملے تو زمین میں فساد

وَتُقَطِّعُوْۤا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

پھیلاؤ اور اپنے رشتے کاٹ دو یہ ہیں وہ لوگ جن پر

لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰۤى

اللہ نے لعنت کی اور انھیں حق سے بہرا کر دیا اور ان کی

اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ

آنکھیں پھوڑ دیں تو کیا وہ قرآن کو سوچتے نہیں

اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

یا بعضے دلوں پر ان کے قفل لگے ہیں بیشک وہ جو اپنے

ارْتَدُّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا

پیچھے پلٹ گئے بعد اس کے کہ ہدایت

تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ

ان پر کھل چکی تھی شیطان نے انھیں

لَهُمْ ؕ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

فریب دیا اور انھیں دنیا میں مدتوں رہنے کی امید دلائی یہ اس لیے کہ

قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ

انھوں نے کہا ان لوگوں سے جنھیں اللہ کا اتارا ہوا ناگوار ہے

سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ ۖ وَاللَّهُ

ایک کام میں ہم تمہاری مانیں گے اور اللہ ان کی

يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾ فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ

چھپی ہوئی جانتا ہے تو کیسا ہوگا جب فرشتے ان کی روح قبض

الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَ

کریں گے ان کے منہ اور ان کی پیٹھیں

أَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوا

مارتے ہوئے یہ اس لیے کہ وہ ایسی بات کے تابع

مَا أَسْخَطَ اللَّهَ وَكَرِهُوا رِضْوَانَهُ

ہوئے جس میں اللہ کی ناراضی ہے اور اس کی

فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾ ع أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ ع

خوشی انھیں گوارا نہ ہوئی تو اس نے ان کے عمل اکارت کر دیئے کیا جن کے

فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ أَنْ لَنْ يُخْرِجَ اللَّهُ

دلوں میں بیماری ہے اس گھمنڈ میں ہیں کہ اللہ ان کے چھپے بیر ظاہر

أَضْغَانَهُمْ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ نَشَاءُ لَأَرَيْنَاكَهُمْ

نہ فرمائے گا اور اگر ہم چاہیں تو تمہیں ان کو دکھا

فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ؕ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ

دیں کہ تم ان کی صورت سے پہچان لو اور ضرور تم انہیں بات کے

لَحْنِ الْقَوْلِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾

اسلوب میں پہچان لوگے اور اللہ تمہارے عمل جانتا ہے

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ

اور ضرور ہم تمہیں جانچیں گے یہاں تک کہ دیکھ لیں تمہارے جہاد کرنے والوں

وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور صابروں کو اور تمہاری خبریں آزمالیں بیشک وہ جنہوں

كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا

نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا اور رسول کی

الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ

مخالفت کی بعد اس کے کہ ہدایت ان پر ظاہر ہوچکی تھی

لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ

وہ ہرگز اللہ کو کچھ نقصان نہ پہنچائیں گے اور بہت جلد اللہ ان کا کیا دھرا

اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا

اکارت کر دے گا اے ایمان والو اللہ کا حکم مانو

اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ لَا تُبْطِلُوْٓا

اور رسول کا حکم مانو اور اپنے عمل

اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ صَدُّوْا

باطل نہ کرو بیشک جنھوں نے کفر کیا اور اللہ

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَ هُمْ كُفَّارٌ

کی راہ سے روکا پھر کافر ہی مر گئے تو

فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾ فَلَا تَهِنُوْا وَ

اللہ ہرگز انھیں نہ بخشے گا تو تم سستی نہ کرو اور

تَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ ۖ وَ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۖ

آپ صلح کی طرف نہ بلاؤ اور تم ہی غالب آؤ گے

وَ اللّٰهُ مَعَكُمْ وَ لَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾

اور اللہ تمھارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز تمھارے اعمال میں تمھیں نقصان نہ دے گا

اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّ لَهْوٌ ؕ وَ اِنْ

دنیا کی زندگی تو یہی کھیل کود ہے اور اگر

تُؤْمِنُوْا وَ تَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَ لَا

تم ایمان لاؤ اور پرہیزگاری کرو تو وہ تم کو تمھارے ثواب عطا فرمائے گا اور

يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾ اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا

کچھ تم سے تمھارے مال نہ مانگے گا اگر انھیں تم سے طلب کرے

فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾

اور زیادہ طلب کرے تم بخل کرو گے اور وہ بخل تمھارے دلوں کے میل ظاہر کر دے گا

هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَاۤءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِیْ

ہاں ہاں یہ جو تم ہو بلائے جاتے ہو کہ اللہ کی راہ میں خرچ

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَ

کرو تو تم میں کوئی بخل کرتا ہے اور

مَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ

جو بخل کرے وہ اپنی ہی جان پر بخل کرتا ہے

وَاللّٰهُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ

اور اللہ بے نیاز ہے اور تم سب محتاج اور اگر

تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ

تم منہ پھیرو تو وہ تمھارے سوا اور لوگ بدل لے گا پھر

ع لَا يَكُوْنُوْۤا اَمْثَالَكُمْ ﴿۳۸﴾ ع

وہ تم جیسے نہ ہوں گے

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ فتح مدینہ میں نازل ہوئی اس کی انتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿١﴾

بے شک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح فرما دی

لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ

تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے

وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ

اور تمہارے پچھلوں کے اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کر دے

وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿٢﴾ وَّ

اور تمہیں سیدھی راہ دکھا دے اور

يَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿٣﴾ هُوَ الَّذِيْٓ

اللہ تمہاری زبردست مدد فرمائے وہی ہے جس

اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ

نے ایمان والوں کے دلوں میں اطمینان اُتارا

لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ

تاکہ انھیں یقین پر یقین بڑھے اور اللہ

جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

ہی کی مِلک ہیں تمام لشکر آسمانوں اور زمین کے اور اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝٤ۙ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ

عِلم و حکمت والا ہے تاکہ ایمان والے مَردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں لے جائے جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ

نہریں رواں ہمیشہ ان میں رہیں اور ان کی بُرائیاں ان سے

سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا

اُتار دے اور یہ اللہ کے یہاں بڑی کامیابی

عَظِيْمًا ۝٥ۙ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ

ہے اور عذاب دے منافق مَردوں

وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ

اور منافق عورتوں اور مُشرک مَردوں اور مُشرک عورتوں کو

الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ

جو اللہ پر گمان رکھتے ہیں انھیں پر ہے بڑی

دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

گردش اور اللہ نے ان پر غضب فرمایا

وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ

اور انھیں لعنت کی اور ان کے لیے جہنم تیار فرمایا اور وہ کیا ہی برا

مَصِيْرًا ﴿٦﴾ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

انجام ہے اور اللہ ہی کی ملک ہیں آسمانوں اور زمین کے سب لشکر

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿٧﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

اور اللہ عزّت و حکمت والا ہے بیشک ہم نے تمھیں بھیجا

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿٨﴾ لِّتُؤْمِنُوْا ۙ

حاضر و ناظر اور خوشی و ڈر سناتا تاکہ اے لوگو تم

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ

اللہ اور اسکے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو

وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور صبح و شام اللہ کی پاکی بولو وہ جو تمھاری

يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللّٰهَ ۭ يَدُ اللّٰهِ

کرتے ہیں وہ تو اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں ان کے ہاتھوں

فَوْقَ أَيْدِيهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَإِنَّمَا

پر اللہ کا ہاتھ ہے تو جس نے عہد کو توڑا اس نے

يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ أَوْفٰى بِمَا

اپنے بڑے عہد کو توڑا اور جس نے پورا کیا

عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا

وہ عہد جو اس نے اللہ سے کیا تھا تو بہت جلد اللہ اسے بڑا ثواب

ع ۱۰ عَظِيمًا ۝۱۰ ع سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ

دے گا اب تم سے کہیں گے جو گنوار پیچھے رہ

مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا أَمْوَالُنَا وَ

گئے تھے کہ ہمیں ہمارے مال اور ہمارے

أَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِمْ

گھر والوں نے جانے سے مشغول رکھا اب حضور ہماری مغفرت چاہیں اپنی زبانوں سے

مَا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ

وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں تم فرماؤ تو اللہ کے سامنے کسے

لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ

تمہارا کچھ اختیار ہے اگر وہ تمہارا

ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ

بُرا چاہے یا تمہاری بھلائی کا ارادہ فرمائے بلکہ

اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ

اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے بلکہ تم تو

اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

سمجھے ہوئے تھے کہ رسول اور مسلمان ہرگز

اِلٰۤى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ

گھروں کو واپس نہ آئیں گے اور اسی کو اپنے

قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚۖ وَ

دلوں میں بھلا سمجھے ہوئے تھے اور تم نے بُرا گمان کیا اور

كُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ

تم ہلاک ہونے والے لوگ تھے اور جو ایمان نہ لائے

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

اللہ اور اسکے رسول پر بیشک ہم نے کافروں کے لیے بھڑکتی آگ تیار

سَعِيْرًا ﴿١٣﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِؕ

کر رکھی ہے اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی سلطنت

يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُؕ

جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے عذاب کرے

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٤﴾ سَيَقُوْلُ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے اب کہیں گے

الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ

پیچھے بیٹھ رہنے والے جب تم غنیمتیں لینے چلو تو

لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ

ہمیں بھی اپنے پیچھے آنے دو وہ چاہتے ہیں

يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا

اللہ کا کلام بدل دیں تم فرماؤ ہرگز تم ہمارے

كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُۚ

ساتھ نہ آؤ اللہ نے پہلے سے یونہی فرما دیا ہے

فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَاؕ بَلْ كَانُوْا لَا

تو اب کہیں گے بلکہ تم ہم سے جلتے ہو بلکہ وہ بات نہ

يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ⑮ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ

سمجھتے تھے مگر تھوڑی ان پیچھے رہ گئے ہوئے

مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِىْ

گنواروں سے فرماؤ عنقریب تم ایک سخت لڑائی والی قوم

بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ

کی طرف بلائے جاؤ گے کہ ان سے لڑو یا وہ مسلمان ہو جائیں

فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ

پھر اگر تم فرمان مانو گے اللہ تمہیں اچھا ثواب دے گا

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ

اور اگر پھر جاؤ گے جیسے پہلے پھر گئے تو

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑯ لَيْسَ

تمہیں دردناک عذاب دے گا اندھے

عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ

پر تنگی نہیں اور نہ لنگڑے پر

حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ۗ وَ

مضائقہ اور نہ بیمار پر مواخذہ اور

مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ

جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانے اللہ اسے باغوں میں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ

لے جائے گا جن کے نیچے نہریں رواں اور جو

يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٧﴾ لَقَدْ

پھر جائے گا اسے دردناک عذاب فرمائے گا بے شک

رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ

اللہ راضی ہوا ایمان والوں سے جب وہ اس پیڑ کے

تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ

نیچے تمہاری بیعت کرتے تھے تو اللہ نے جانا جو ان کے دلوں میں ہے

فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ

تو ان پر اطمینان اتارا اور انہیں جلد آنے

فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿١٨﴾ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً

والی فتح کا انعام دیا اور بہت سی غنیمتیں

يَّاْخُذُوْنَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٩﴾

جن کو لیں اور اللہ عزت و حکمت والا ہے

وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً

اور اللہ نے تم سے وعدہ کیا ہے بہت سی غنیمتوں

تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ

کا کہ تم لوگے تو تمہیں یہ جلد عطا فرما دی

وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ

اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیئے اور اس لئے کہ

اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا

ایمان والوں کے لیے نشانی ہو اور تمہیں سیدھی راہ

مُّسْتَقِيْمًا ۙ﴿۲۰﴾ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا

دکھا دے اور ایک اور جو تمہارے بل کی نہ تھی

عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَ

وہ اللہ کے قبضہ میں ہے اور

كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾

اللہ ہر چیز پر قادر ہے

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ

اور اگر کافر تم سے لڑیں تو ضرور تمہارے مقابلہ سے پیٹھ پھیر دیں

ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾

پھر نہ پائیں گے کوئی حمایتی نہ مددگار

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖ ج

اللہ کا دستور ہے کہ پہلے سے چلا آتا ہے

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾

اور ہرگز تم اللہ کا دستور بدلتا نہ پاؤ گے

وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ

اور وہی ہے جس نے ان کے ہاتھ تم سے روک دیئے

وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ

اور تمھارے ہاتھ ان سے روک دیئے وادی مکّہ میں

مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ

بعد اس کے کہ تمھیں ان پر قابو دے دیا تھا

وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾

اور اللہ تمھارے کام دیکھتا ہے

هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ

وہ وہ ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تمھیں مسجد

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوفًا اَنْ

حرام سے روکا اور قربانی کے جانور رُکے پڑے اپنی

یَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَ

جگہ پہنچنے سے اور اگر یہ نہ ہوتا کچھ مسلمان مرد اور

نِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـُٔوْهُمْ

کچھ مسلمان عورتیں جن کی تمھیں خبر نہیں کہیں تم انھیں روند ڈالو

فَتُصِیْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَیْرِ

تو تمھیں ان کی طرف سے انجانی میں کوئی مکروہ پہنچے تو ہم تمھیں

عِلْمٍ ۚ لِیُدْخِلَ اللّٰهُ فِیْ رَحْمَتِهٖ مَنْ

ان کی قتال کی اجازت دیتے ان کا یہ بچاؤ اس لیئے ہے کہ اللہ اپنی رحمت میں

یَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَیَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِیْنَ

داخل کرے جسے چاہے اگر وہ جدا ہوجاتے تو ضرور ہم ان میں کے

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿۲۵﴾

کافروں کو دردناک عذاب دیتے

اِذْ جَعَلَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ قُلُوْبِهِمُ

جب کہ کافروں نے اپنے دلوں میں اَڑ رکھی وہی

الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ

زمانۂ جاہلیت کی اکڑ تو اللہ

اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى

نے اپنا اطمینان اپنے رسول اور اپنے

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى

ایمان والوں پر اتارا اور پرہیزگاری کا کلمہ ان پر لازم فرمایا

وَكَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اور وہ اس کے زیادہ سزاوار اور اسکے اہل تھے اور اللہ

بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمًا ع ﴿۲۶﴾ لَقَدْ صَدَقَ

سب کچھ جانتا ہے بیشک اللہ نے سچ

اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ

کر دیا اپنے رسول کا سچا خواب بیشک تم ضرور مسجد

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

حرام میں داخل ہو گے اگر اللہ چاہے

اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ

امن و امان سے اپنے سروں کے بال منڈاتے یا ترشواتے

لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ

بے خوف تو اس نے جانا جو تمھیں معلوم نہیں تو اس سے

مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِیْبًا ﴿۲۷﴾ هُوَ الَّذِیْۤ

پہلے ایک نزدیک آنے والی فتح رکھی وہی ہے جس نے

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِیْنِ الْحَقِّ

اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ

لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ

بھیجا کہ اسے سب دینوں پر غالب کرے اور اللہ کافی ہے

شَهِیْدًا ﴿۲۸﴾ ؕ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِیْنَ

گواہ محمد اللہ کے رسول ہیں اور ان کے

مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ

ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں

بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ

نرم دل تو انھیں دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے

فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا ٘ سِیْمَاهُمْ

اللہ کا فضل و رضا چاہتے ان کی علامت

فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ
ان کے چہروں میں ہے سجدوں کے نشان سے یہ ان کی

مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚۛ وَمَثَلُهُمْ فِي
صفت توریت میں ہے اور ان کی صفت

الْاِنْجِيْلِ ۚۛ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ
انجیل میں جیسے ایک کھیتی اس نے اپنا پٹھا

فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى
نکالا پھر اسے طاقت دی پھر دبیز ہوئی پھر اپنی ساق پر سیدھی

سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ
کھڑی ہوئی کسانوں کو بھلی لگتی ہے تاکہ ان سے

بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ
کافروں کے دل جلیں اللہ نے وعدہ کیا ان سے

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ
جو ان میں ایمان اور اچھے کاموں والے ہیں

مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ ع
بخشش اور بڑے ثواب کا

معانقۃ ۱۵

سُورَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ الرحمٰن مدینہ میں نازل ہوئی اور اس میں اٹھہتر آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

اَلرَّحْمٰنُ ۝۱ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝۲ خَلَقَ

رحمٰن نے اپنے محبوب کو قرآن سکھایا انسانیت کی جان

الْاِنْسَانَ ۝۳ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝۴ اَلشَّمْسُ

محمد کو پیدا کیا ماکان وما یکون کا بیان انہیں سکھایا سورج

وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝۵ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ

اور چاند حساب سے ہیں اور سبزے اور پیڑ

يَسْجُدٰنِ ۝۶ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ

سجدہ کرتے ہیں اور آسمان کو اللہ نے بلند کیا اور

الْمِيْزَانَ ۝۷ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ۝۸ وَ

ترازو رکھی کہ ترازو میں بے اعتدالی نہ کرو اور

اَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا

انصاف کے ساتھ تول قائم کرو اور وزن

الْمِيْزَانَ ﴿٩﴾ وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ﴿١٠﴾

نہ گھٹاؤ اور زمین رکھی مخلوق کے لیے

فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ﴿١١﴾

اس میں میوے اور غلاف والی کھجوریں

وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾ فَبِأَيِّ

اور بھس کے ساتھ اناج اور خوشبو کے پھول تو اے جن وانس

اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٣﴾ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ

تم دونوں اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے اس نے آدمی کو بنایا بجتی

صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ

مٹی سے جیسے ٹھیکری اور جن کو پیدا فرمایا

مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿١٥﴾ فَبِأَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

آگ کے لوکے سے تو تم دونوں اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿١٦﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ

جھٹلاؤ گے دونوں پورب کا رب اور دونوں

الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِأَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٨﴾

پچھم کا رب تو تم دونوں اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا

اس نے دو سمندر بہائے کہ دیکھنے میں معلوم ہوں ملے ہوئے اور ہے ان میں

بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿٢٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

روک کہ ایک دوسرے پر بڑھ نہیں سکتا تو اپنے رب کی کونسی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٢١﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ

جھٹلاؤ گے ان میں سے موتی اور مونگا

وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

نکلتا ہے تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي

جھٹلاؤ گے اور اسی کی ہیں وہ چلنے والیاں کہ دریا میں

الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٢٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اٹھی ہوئی ہیں جیسے پہاڑ تو اپنے رب کی کونسی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٥﴾ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ ع

جھٹلاؤ گے زمین پر جتنے ہیں سب کو فنا ہے

وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾

اور باقی ہے تمہارے رب کی ذات عظمت اور بزرگی والا

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾ یَسْــٴَـلُهٗ

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے اسی کے

مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ كُلَّ یَوْمٍ

منگتا ہیں جتنے آسمانوں اور زمین میں ہیں اسے ہر دن

هُوَ فِیْ شَاْنٍ ۚ﴿۲۹﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ایک کام ہے تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَیُّهَ

جھٹلاؤ گے جلد سب کام نبٹا کر ہم تمہارے حساب کا

الثَّقَلٰنِ ۚ﴿۳۱﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾

قصد فرماتے ہیں اے دونوں بھاری گروہ تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ

اے جن و انسان کے گروہ اگر تم سے ہو سکے

اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ

کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے

الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا

نکل جاؤ تو نکل جاؤ جہاں نکل کر جاؤ گے اسی کی

بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾

سلطنت ہے تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ

تم پر چھوڑی جائے گی بے دھوئیں کی آگ کی لپیٹ اور بے لپیٹ کا کالا

نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

دھواں تو پھر بدلہ نہ لے سکو گے تو اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ

کونسی نعمت جھٹلاؤ گے پھر جب آسمان پھٹ جائے گا

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِاَیِّ

تو گلاب کے پھول سا ہو جائے گا جیسے سرخ نری تو اپنے رب

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا

کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے تو اس دن گنہگار

يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾

کے گناہ کی پوچھ نہ ہوگی کسی آدمی اور جن سے

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے مجرم اپنے

الْمُجْرِمُونَ بِسِيمَاهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِي

چہرے سے پہچانے جائیں گے تو ماتھا اور پاؤں پکڑ کر جہنم میں

وَالْأَقْدَامِ ﴿٤١﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٤٢﴾

ڈالے جائیں گے تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُونَ ﴿٤٣﴾

یہ ہیں وہ جہنم جسے مجرم جھٹلاتے ہیں

يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ ﴿٤٤﴾ فَبِأَيِّ

پھیرے کریں گے اس میں اور انتہا کے جلتے کھولتے پانی میں تو اپنے

آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٤٥﴾ ع وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ

رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے اور جو اپنے رب کے حضور کھڑے ہونے سے ڈرے

رَبِّهِ جَنَّتَانِ ﴿٤٦﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٤٧﴾

اس کے لیے دو جنتیں ہیں تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

ذَوَاتَا أَفْنَانٍ ﴿٤٨﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

بہت سی ڈالوں والیاں تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبَانِ ﴿٤٩﴾ فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ ﴿٥٠﴾

جھٹلاؤ گے ان میں دو چشمے بہتے ہیں

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾ فِیْهِمَا مِنْ

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ان میں ہر

کُلِّ فَاکِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا

میوہ دو دو قسم کا تو اپنے رب کی کونسی نعمت

تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾ مُتَّکِـِٕیْنَ عَلٰی فُرُشٍۭ بَطَآئِنُهَا

جھٹلاؤ گے اور ایسے بچھونوں پر تکیہ لگائے جس کا

مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾

استر قناویز کا اور دونوں کے میوے اتنے جھکے ہوئے کہ نیچے سے چن لو

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِیْهِنَّ قٰصِرٰتُ

تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے ان بچھونوں پر وہ عورتیں ہیں کہ

الطَّرْفِ ۙ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ

شوہر کے سوا کسی کو آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتیں ان سے پہلے انہیں نہ چھوا کسی آدمی اور

لَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾

نہ جن نے تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

کَاَنَّهُنَّ الْیَاقُوْتُ وَ الْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾ فَبِاَیِّ

گویا وہ لعل اور یاقوت اور مونگا ہیں تو اپنے

آلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٩﴾ هَلْ جَزَآءُ الْإِحْسَانِ

رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے نیکی کا بدلہ کیا ہے

إِلَّا الْإِحْسَانُ ﴿٦٠﴾ فَبِأَيِّ آلَآءِ رَبِّكُمَا

مگر نیکی تو اپنے رب کی کونسی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٦١﴾ وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿٦٢﴾ فَبِأَيِّ

جھٹلاؤ گے اور ان کے سوا دو جنتیں اور ہیں تو اپنے رب

آلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٣﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿٦٤﴾

کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے نہایت سبزی سے سیاہی کی جھلک دے رہی ہیں

فَبِأَيِّ آلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٥﴾ فِيهِمَا

تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے ان میں

عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿٦٦﴾ فَبِأَيِّ آلَآءِ رَبِّكُمَا

دو چشمے ہیں چھلکتے ہوئے تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٧﴾ فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿٦٨﴾

جھٹلاؤ گے ان میں میوے اور کھجوریں اور انار ہیں

فَبِأَيِّ آلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٩﴾ فِيهِنَّ

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ان میں عورتیں ہیں

خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿٧٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
عادت کی نیک صورت کی اچھی تو اپنے رب کی کونسی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٧١﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿٧٢﴾
جھٹلاؤ گے حوریں ہیں خیموں میں پردہ نشین

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٣﴾ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ
تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے ان سے پہلے انھیں ہاتھ

اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٧٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
نہ لگایا کسی آدمی اور نہ جن نے تو اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٥﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ
کونسی نعمت جھٹلاؤ گے تکیہ لگائے ہوئے سبز بچھونوں

خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
اور منقش خوبصورت چاندنیوں پر تو اپنے رب کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ
کون سی نعمت جھٹلاؤ گے بڑی برکت والا ہے تمہارے

ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٧٨﴾
رب کا نام جو عظمت اور بزرگی والا

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتٌّ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ واقعہ مکہ میں نازل ہوئی اس میں چھیانوے آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ① لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا

جب ہولے گی وہ ہونے والی اس وقت اسکے ہونے میں کسی کو انکار کی

كَاذِبَةٌ ② خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ③ إِذَا رُجَّتِ

گنجائش نہ ہوگی کسی کو پست کرنیوالی کسی کو بلندی دینے والی جب زمین

الْأَرْضُ رَجًّا ④ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ⑤

کانپے گی تھرتھرا کر اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں گے چورا ہو کر

فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْۢبَثًّا ⑥ وَّكُنْتُمْ أَزْوَاجًا

جیسے روزن کی دھوپ میں غبار کے باریک ذرے پھیلے ہوئے اور تم تین قسم کے

ثَلٰثَةً ⑦ فَأَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَا أَصْحٰبُ

ہو جاؤ گے تو داہنی طرف والے کیسے داہنی طرف

الْمَيْمَنَةِ ⑧ وَأَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَا

والے اور بائیں طرف والے کیسے

وقف لازم

أَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ط ۝٩ وَالسّٰبِقُوْنَ

بائیں طرف والے اور جو سبقت لے گئے وہ

السّٰبِقُوْنَ ج ۝١٠ أُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ج ۝١١

تو سبقت ہی لے گئے وہی مقرب بارگاہ ہیں

فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ۝١٢ ثُلَّةٌ مِّنَ

چین کے باغوں میں اگلوں میں سے

الْأَوَّلِیْنَ لا ۝١٣ وَقَلِیْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ ط ۝١٤

ایک گروہ اور پچھلوں میں سے تھوڑے

عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ لا ۝١٥ مُّتَّكِـِٔیْنَ

جڑاؤ تختوں پر ہوں گے ان پر تکیہ لگائے

عَلَیْهَا مُتَقٰبِلِیْنَ ۝١٦ یَطُوْفُ عَلَیْهِمْ

ہوئے آمنے سامنے ان کے گرد لیے پھریں گے

وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ لا ۝١٧ بِأَكْوَابٍ وَّ

ہمیشہ رہنے والے لڑکے کوزے اور

أَبَارِیْقَ ۵ وَكَأْسٍ مِّنْ مَّعِیْنٍ لا ۝١٨ لَّا

آفتابے اور جام اور آنکھوں کے سامنے بہتی شراب کہ اس سے نہ

يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ ﴿۱۹﴾

انھیں دردِ سر ہو نہ ہوش میں فرق آئے

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ﴿۲۰﴾ وَ

اور میوے جو پسند کریں اور

لَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ﴿۲۱﴾ وَ

پرندوں کا گوشت جو چاہیں اور

حُورٌ عِينٌ ﴿۲۲﴾ كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ

بڑی آنکھ والی حوریں جیسے چھپے رکھے ہوئے

الْمَكْنُونِ ﴿۲۳﴾ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۲۴﴾

موتی صلہ ان کے اعمال کا

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ﴿۲۵﴾

اس میں نہ سنیں گے نہ کوئی بیکار بات نہ گنہگاری

إِلَّا قِيلًا سَلَامًا سَلَامًا ﴿۲۶﴾ وَأَصْحَابُ

ہاں یہ کہنا ہوگا سلام سلام اور دہنی طرف

الْيَمِينِ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ ﴿۲۷﴾

والے کیسے دہنی طرف والے

فِیۡ سِدۡرٍ مَّخۡضُوۡدٍ ﴿۲۸﴾ وَّ طَلۡحٍ مَّنۡضُوۡدٍ ﴿۲۹﴾

بے کانٹوں کی بیریوں میں اور کیلوں کے گچھوں میں

وَّ ظِلٍّ مَّمۡدُوۡدٍ ﴿۳۰﴾ وَّ مَآءٍ مَّسۡکُوۡبٍ ﴿۳۱﴾ وَّ فَاکِہَۃٍ

اور ہمیشہ کے سائے میں اور ہمیشہ جاری پانی میں اور بہت سے

کَثِیۡرَۃٍ ﴿۳۲﴾ لَّا مَقۡطُوۡعَۃٍ وَّ لَا مَمۡنُوۡعَۃٍ ﴿۳۳﴾

میووں میں جو نہ ختم ہوں اور نہ روکے جائیں

وَّ فُرُشٍ مَّرۡفُوۡعَۃٍ ﴿۳۴﴾ اِنَّاۤ اَنۡشَاۡنٰہُنَّ

اور بلند بچھونوں میں بے شک ہم نے ان عورتوں کو اچھی اٹھایا

اِنۡشَآءً ﴿۳۵﴾ فَجَعَلۡنٰہُنَّ اَبۡکَارًا ﴿۳۶﴾ عُرُبًا

تو انھیں بنایا کنواریاں اپنے شوہر پر پیاریاں انھیں پیار

اَتۡرَابًا ﴿۳۷﴾ لِّاَصۡحٰبِ الۡیَمِیۡنِ ﴿۳۸﴾ ثُلَّۃٌ

دلاتیاں ایک عمر والیاں دہنی طرف والوں کے لیے اگلوں میں

مِّنَ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۳۹﴾ وَ ثُلَّۃٌ مِّنَ الۡاٰخِرِیۡنَ ﴿۴۰﴾

سے ایک گروہ اور پچھلوں میں سے ایک گروہ

وَ اَصۡحٰبُ الشِّمَالِ ۬ۙ مَاۤ اَصۡحٰبُ

اور بائیں طرف والے کیسے بائیں طرف

الشِّمَالِ ﴿٤١﴾ فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ﴿٤٢﴾

والے جلتی ہوا اور کھولتے پانی میں

وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ ﴿٤٣﴾ لَّا بَارِدٍ وَلَا

اور جلتے دھوئیں کی چھاؤں میں جو نہ ٹھنڈی نہ

كَرِيمٍ ﴿٤٤﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ

عزت کی بے شک وہ اس سے پہلے نعمتوں

مُتْرَفِينَ ﴿٤٥﴾ وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى

میں تھے اور اس سے بڑے گناہ کی ہٹ

الْحِنثِ الْعَظِيمِ ﴿٤٦﴾ وَكَانُوا يَقُولُونَ

رکھتے تھے اور کہتے تھے کیا

أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا

جب ہم مرجائیں اور ہڈیاں مٹی ہوجائیں تو کیا ضرور

أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿٤٧﴾ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ﴿٤٨﴾

ہم اٹھائے جائیں گے اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی

قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ ﴿٤٩﴾

تم فرماؤ بے شک سب اگلے اور پچھلے

لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ۵ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ

ضرور اکٹھے کئے جائیں گے ایک جانے ہوئے دن کی

مَّعْلُوْمٍ ﴿٥٠﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ

میعاد پر پھر بے شک اے گمراہو جھٹلانے

الْمُكَذِّبُوْنَ ۙ ﴿٥١﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ

والو ضرور تھوہر کے پیڑ میں سے

مِّنْ زَقُّوْمٍ ۙ ﴿٥٢﴾ فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا

کھاؤ گے پھر اس سے پیٹ

الْبُطُوْنَ ۚ ﴿٥٣﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ

بھرو گے پھر اس پر کھولتا پانی

الْحَمِيْمِ ۚ ﴿٥٤﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ؕ ﴿٥٥﴾

پیو گے پھر ایسا پیو گے جیسے سخت پیاسے اونٹ پئیں

هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ؕ ﴿٥٦﴾ نَحْنُ

یہ ان کی مہمانی ہے انصاف کے دن ہم نے

خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿٥٧﴾

تمہیں پیدا کیا تو تم کیوں نہیں سچ مانتے

أَفَرَءَيْتُم مَّا تُمْنُونَ ﴿٥٨﴾ ءَأَنتُمْ

تو بھلا دیکھو تو وہ منی جو گراتے ہو کیا تم اس کا

تَخْلُقُونَهُۥٓ أَمْ نَحْنُ ٱلْخَٰلِقُونَ ﴿٥٩﴾ نَحْنُ

آدمی بناتے ہو یا ہم بنانے والے ہیں ہم نے

قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ ٱلْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ

تم میں مرنا ٹھہرایا اور ہم اس سے

بِمَسْبُوقِينَ ﴿٦٠﴾ عَلَىٰٓ أَن نُّبَدِّلَ أَمْثَٰلَكُمْ

ہارے نہیں کہ تم جیسے اور بدل دیں

وَنُنشِئَكُمْ فِى مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ

اور تمہاری صورتیں وہ کر دیں جس کی تمہیں خبر نہیں اور بیشک

عَلِمْتُمُ ٱلنَّشْأَةَ ٱلْأُولَىٰ فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٦٢﴾

تم جان چکے ہو پہلی اٹھان پھر کیوں نہیں سوچتے

أَفَرَءَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ ﴿٦٣﴾ ءَأَنتُمْ

تو بھلا بتاؤ تو جو بوتے ہو تو کیا تم

تَزْرَعُونَهُۥٓ أَمْ نَحْنُ ٱلزَّٰرِعُونَ ﴿٦٤﴾

اس کی کھیتی بناتے ہو یا ہم بنانے والے ہیں

لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ

ہم چاہیں تو اسے روندن کر دیں پھر تم باتیں

تَفَكَّهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ بَلْ

بناتے رہ جاؤ ہم پر چٹی پڑی بلکہ

نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَرَءَیْتُمُ

ہم بے نصیب رہے تو بھلا بتاؤ

الْمَآءَ الَّذِیْ تَشْرَبُوْنَ ﴿۶۸﴾ ءَاَنْتُمْ

تو وہ پانی جو پیتے ہو کیا تم نے

اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ

اسے بادل سے اُتارا یا ہم ہیں

الْمُنْزِلُوْنَ ﴿۶۹﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا

اُتارنے والے ہم چاہیں تو اسے کھاری کر دیں

فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ اَفَرَءَیْتُمُ النَّارَ

پھر کیوں نہیں شکر کرتے تو بھلا بتاؤ تو وہ آگ

الَّتِیْ تُوْرُوْنَ ﴿۷۱﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ

جو تم روشن کرتے ہو کیا تم نے اس کا

شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ

پیڑ پیدا کیا یا ہم ہیں پیدا کرنے والے ہم نے

جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِیْنَ ﴿٧٣﴾ ج

اسے جہنم کا یادگار بنایا اور جنگل میں مسافروں کا فائدہ

ع ٣ ٢٦ ١٥ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ ﴿٧٤﴾ ع

تو اے محبوب تم پاکی بولو اپنے عظمت والے رب کے نام کی

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ وَاِنَّهٗ

تو مجھے قسم ہے ان جگہوں کی جہاں تارے ڈوبتے ہیں اور تم سمجھو

لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ ﴿٧٦﴾ اِنَّهٗ

تو یہ بڑی قسم ہے بے شک

لَقُرْاٰنٌ كَرِیْمٌ ﴿٧٧﴾ فِیْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿٧٨﴾

یہ عزت والا قرآن ہے محفوظ نوشتہ میں

لَّا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَنْزِیْلٌ

اسے نہ چھوئیں مگر باوضو اُتارا ہوا

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿٨٠﴾ اَفَبِهٰذَا

ہے سارے جہان کے رب کا تو کیا

الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَ

اس بات میں تم سستی کرتے ہو اور

تَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾

اپنا حصہ یہ کرتے ہو کہ جھٹلاتے ہو

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾ وَاَنْتُمْ

پھر کیوں نہ ہو جب جان گلے تک پہنچے اور تم

